بسم الله الرحمن الرحيم

# THE
# NATIONAL ASSEMBLY OF PAKISTAN

———————

*Tuesday, the 25th August, 2026*

———————

## TABLE OF CONTENTS


1. RECITATION FROM THE HOLY QUR`AN ........ 1
2. RECITATION OF HADITH ........ 1
3. RECITATION OF NAAT ........ 2
4. NATIONAL ANTHEM ........ 2
5. LEAVE OF ABSENCE ........ 2
6. ANNOUNCEMENT *REG*: PRESENCE OF STUDENTS AND FACULTY MEMBERS FROM UNIVERSITY OF SIALKOT IN THE GALLERY ........ 6
7. POINTS OF ORDER ........ 6
8. CALLING ATTENTION NOTICE *REG*: HIGH FEES AND CHARGES IN MEDICAL COLLEGES AND PRIVATE HOSPITALS IN ISLAMABAD – *(ANSWERED)* ........ 7
9. POINTS OF ORDER ........ 13
10. CALLING ATTENTION NOTICE *REG*: INCESSANT RIVER EROSION AND THE RESULTING THREAT OF FLOODS IN DISTRICT LAYYAH, PUNJAB – *(DEFERRED)* ........ 15
11. POINTS OF ORDER ........ 16
12. CALLING ATTENTION NOTICE *REG*: INCESSANT RIVER EROSION AND THE RESULTING THREAT OF FLOODS IN DISTRICT LAYYAH, PUNJAB – *(ANSWERED)* ........ 18
13. POINTS OF ORDER ........ 20
14. MOTION *REG*: EXTENSION OF TIME FOR PRESENTATION OF PUBLIC ACCOUNTS COMMITTEE REPORTS ON THE APPROPRIATION ACCOUNTS OF THE GOVERNMENT OF PAKISTAN AND AUDIT REPORTS OF THE AUDITOR GENERAL OF PAKISTAN – *(ADOPTED)* ........ 37
15. RESOLUTION *REG*: NATIONWIDE COMMEMORATION OF THE 1500TH EID MILAD-UN-NABI (SAW) THROUGH RELIGIOUS, EDUCATIONAL, WELFARE AND MEDIA INITIATIVES TO PROMOTE UNITY, PEACE AND THE TEACHINGS OF THE HOLY PROPHET (SAW) – *(ADOPTED)* ........ 38
16. POINTS OF ORDER ........ 39

# NATIONAL ASSEMBLY OF PAKISTAN
# ASSEMBLY DEBATES

———————

*Tuesday, the 25th August, 2026*

———————

The National Assembly of Pakistan met in the National Assembly Hall (Parliament House) Islamabad, at 11:15 a.m. with the honourable Deputy Speaker (Syed Ghulam Mustafa Shah) in the Chair.

———————

## RECITATION FROM THE HOLY QUR`AN

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۴۰﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ﴿۴۱﴾ وَّ سَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿۴۲﴾ هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۗ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ﴿۴۳﴾

(سورۃ الاحزاب،آیات:40تا43)

[ترجمہ: پناہ مانگتا ہوں میں اللہ کی شیطان مردود سے۔ اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے۔

محمد ﷺ تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں، بلکہ اللہ کے رسول اور خاتم النبیّین ہیں اور اللہ ہر چیز کا علم رکھنے والا ہے۔ اے ایمان والو! تم اللہ کو بہت زیادہ یاد رکھو اور صبح وشام اس کی پاکی بولو وہی تو ہے جو تم پر رحمت بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے بھی تاکہ تمہیں اندھیروں سے نکالے اور روشنی کی جانب لے جائے اور خدا مومنوں پر مہربان ہے۔]

## RECITATION OF HADITH

عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِنْ وَّالِدِہٖ وَوَلَدِہٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ ۞

[ترجمہ: حضرت انسؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک میں اسے والدین، اولاد اور دنیا بھر کے لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہوں۔]

## RECITATION OF NAAT

ہر طرف تیرگی تھی نہ تھی روشنی

آپ آئے تو سب کو ملی روشنی

خِلقت اولین خاتم المرسلین

آپ پہلی کرن آخری روشنی

سیرت مصطفیٰ کی یہ تفسیر ہے

روشنی، روشنی، روشنی، روشنی

## NATIONAL ANTHEM

**جناب ڈپٹی سپیکر:** اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔

## LEAVE OF ABSENCE

**Mr. Deputy Speaker**: Leave applications.

**Mr. Deputy Speaker:** Ms. Aseefa Bhutto Zardari has requested for the grant of leave for the whole current Session. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Mr. Shehryar Afridi has requested for the grant of leave for 18th, 19th and 21st August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Ms. Aniqa Mehdi has requested for the grant of leave for 21st August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Mr. Muhammad Moazzam Ali Khan has requested for the grant of leave for 24th and 25th August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Mr. Awais Haider Jakhar has requested for the grant of leave for 21st August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Syed Hussain Tariq has requested for the grant of leave from 24th to 28th August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Dr. Shazia Sobia Aslam Soomro has requested for the grant of leave for 24th and 25th August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Ms. Mussarat Rafique Mahesar has requested for the grant of leave for 24th and 25th August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Mr. Changaze Ahmad Khan has requested for the grant of leave from 20th to 25th August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Mr. Faisal Amin Khan has requested for the grant of leave for 19th and 21st August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Dr. Ramesh Kumar Vankwani has requested for the grant of leave for 17th, 18th, 25th and 28th August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Mr. Muhammad Moin Aamer Pirzada has requested for the grant of leave from 24th to 28th August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Mr. Nazir Ahmed Bhugio has requested for the grant of leave for 24th and 25th August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Ms. Erum Hamid has requested for the grant of leave for 24th and 25th August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Mir Amir Ali Khan Magsi has requested for the grant of leave for 24th, 25th August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Mr. Zulfiqar Ali Behan has requested for the grant of leave for 24th and 25th August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Mr. Waseem Qadir has requested for the grant of leave for 24th and 25th August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Mr. Muhammad Saad Ullah has requested for the grant of leave for 24th and 25th August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Ms. Umber Majeed has requested for the grant of leave for the whole current Session. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Mr. Pullain has requested for the grant of leave for 20th August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Mr. Muhammad Afzal has requested for the grant of leave for 21st, 24th and 25th August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Mr. Khan Muhammad Saddique Khan Balooch has requested for the grant of leave from 24th August, 2026 till the conclusion of the Session. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Mr. Ahmad Raza Maneka has requested for the grant of leave for 24th and 25th August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Mir Munawar Ali Talpur has requested for the grant of leave for 17th to 19th August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Shazia Marri has requested for the grant of leave for 25th August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Mr. Salahuddin Junejo has requested for the grant of leave for the whole current Session. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Syed Amin Ul Haq has requested for the grant of leave for 28th August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Mr. Muhammad Ali Sarfraz has requested for the grant of leave from 17$^{th}$ to 21$^{st}$ August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Mr. Ahmed Saleem Siddiqui has requested for the grant of leave for 28$^{th}$ August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Ms. Asma Alamgir has requested for the grant of leave for 24$^{th}$ and 25$^{th}$ August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Mr. Hassaan Sabir has requested for the grant of leave from 17$^{th}$ to 21$^{st}$ August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Syed Waseem Hussain has requested for the grant of leave for 24$^{th}$ and 25$^{th}$ August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Mr. Abdul Qadir Patel has requested for the grant of leave for 24$^{th}$, 25$^{th}$ and 28$^{th}$ August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Mr. Azim Uddin Zahid has requested for the grant of leave for 24$^{th}$ and 25$^{th}$ August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Mr. Muhammad Tufail has requested for the grant of leave for 24$^{th}$ and 25$^{th}$ August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Ms. Rana Ansar has requested for the grant of leave for 24$^{th}$ and 25$^{th}$August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Mr. Muhammad Riaz Fatyana has requested for the grant of leave for the whole current Session. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Mr. Shahid Usman has requested for the grant of leave for 21$^{st}$ and 24$^{th}$ August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Deputy Speaker:** Mr. Mohammad Awn Saqlain Ministers of State for Overseas Pakistanis & Human Resources Development has informed that he would not be able to attend the Session on 24th and 25th August, 2026.

(For information)

## ANNOUNCEMENT *REG*: PRESENCE OF STUDENTS AND FACULTY MEMBERS FROM UNIVERSITY OF SIALKOT IN THE GALLERY

**Mr. Deputy Speaker**: May I have the attention of the House? The honourable Members are informed that the students and faculty Members from University of Sialkot are sitting in the visitor's gallery. We welcome them.

## POINTS OF ORDER

**جناب ڈپٹی سپیکر:** House کی اطلاع کیلئے آج Private Members' Day ہے مگر یہ آپس میں decide ہوا ہے کہ آج کوئی ایسی legislation نہیں آئے گی تو Point of Order پہ اگر آپ نام دے دیں تو ہم موقع دے سکتے ہیں۔جی محترمہ شرمیلا فاروقی صاحبہ on Point of Order۔

**ڈاکٹر شرمیلا فاروقی:** شکریہ سر! میں ایک بڑے اہم issue پہ بات کرنا چاہ رہی ہوں آپ کو یاد ہو گا کہ ہم نے بحیثیت ایک پوری جماعت پاکستان پیپلز پارٹی پچھلے کئی ماہ سے سکھر-حیدرآباد موٹر وے کی funding کے حوالے سے بات کر رہی تھی، M-6 کا جو ایک بہت ہی strategic معاملہ ہے اور ایسا وہ missing link ہے جو کراچی سے لے کے پشاور کو join کر رہا ہے اس میں سکھر-حیدرآباد موٹروے کی funding کا بڑا فقدان ہے، بہر حال ہم نے اسمبلی میں بھی اور Committees میں بھی آواز اٹھائی اور اس کے بعد جا کے اس project کے جو 70 billion روپے رہتے تھے اس 70 billion rupees میں سے ہمیں تقریباً 30 billion ایک token amount دے دیا گیا اور سر یہ ایسا پراجیکٹ ہے جو کئی سال سے delay ہوتا آ رہا ہے۔اب 22 تاریخ کی میں آپ کو بات بتاتی ہوں ECNEC کی میٹنگ ہوئی تھی اسحٰق ڈار صاحب کی سربراہی کے اندر اور وہاں پر ہمیں ایک بڑا دھچکہ لگا، وہ دھچکہ یہ لگا کہ ایک طرف تو آپ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس fiscal space نہیں ہے ہمارے پاس وسائل نہیں ہیں ہم اتنے بڑے بڑے پراجیکٹ فنڈ نہیں کر سکتے۔Public private partnership کے اندر چلے جائیں۔لیکن دوسری طرف جو سندھ کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے اور وہ زیادتی میں آپ کو بتاؤں ایسی زیادتی ہے کہ جو اس وقت ہم نے ایک شکایت اور نشاندہی بھی کی تھی ایک پراجیکٹ کی جو لاہور- بہاول نگر کا جو موٹروے ہے تقریباً 407 billion کا اس کی approval ہو گئی اور approval کے ساتھ ساتھ ہوا یہ کہ جو 18.5 کلومیٹر تھا، جو پہلا phase تھا اس میں اس کیلئے فیڈرل گورنمنٹ نے دل کھول کے 49 billion مختص کر دیئے from Federal funding ایک طرف M-6 جس کو complete ہونا ہے اور کئی سال سے stall ہو رہا ہے ہمیں اس کے لیے 40 billion چاہیئے جو ہمیں نہیں دیے جا رہے، یہ کہہ کے کہ پیسے نہیں ہیں وفاق کے پاس، دوسری طرف ایک ایسا پراجیکٹ

جو صرف ایک صوبے تک محدود ہے پنجاب تک۔ وہاں پر 18.5 کلو میٹر کا جو پہلا phase ہے اس کے لیے billion 49 وفاق نے دے دیے ہیں۔اب یہ سندھ کے لوگوں کے ساتھ زیادتی نہیں ہے؟اور سندھ کیا؟This is a nationally strategic project،جو ایک province سے لے کے یعنی کراچی سے لے کے پشاور کو join کر رہا ہے۔ میں اس پر شدید احتجاج کروں گی،اور میں گزارش کروں گی کہ آپ اس معاملے کو دوبارہ Planning کی جو Committee ہے، یہاں پر، اور Communications کی Standing Committee ہے اگر آپ اس کو یہ معاملہ بھیج دیں تاکہ یہ issue وہاں پر discuss ہو،اور M-6 جو انتہائی اہم project ہے، سکھر۔حیدر آباد موٹر وے،اس کے لیے funding آ جائے۔ بے شک،آپ کے پاس پیسے ہیں،آپ پنجاب کو دل کھول کے دیں۔ آپ کا دل وہی لگتا ہے، سندھ پہ تو آپ کا دل آتا ہی نہیں ہے، لیکن یہ بہت important ایک project ہے،اور ہماری گزارش ہوگی کہ اس کے اوپر نظر ثانی کی جائے، اور اگر آپ کے پاس پیسے ہیں، آپ کے پاس fiscal space ہے، تو آپ برائے مہربانی وہ پیسہ اس M-6 کے اوپر لگائیں تاکہ یہ project complete ہو جائے۔Thank you۔

## CALLING ATTENTION NOTICE *REG*: HIGH FEES AND CHARGES IN MEDICAL COLLEGES AND PRIVATE HOSPITALS IN ISLAMABAD

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔Item No. 2 ،آسیہ ناز تنولی صاحبہ۔

**Ms. Asiya Naz Tanoli:** I, invite attention of the Minister for National Health Services, Regulations and Coordination, to a matter of urgent public importance regarding high fees and charges in medical colleges and private hospitals in Islamabad, causing grave concern amongst the public.

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ، نیلسن صاحب کا Mike کھولیں۔

**پارلیمانی سیکرٹری برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت (جناب نیلسن عظیم):** شکریہ، ڈپٹی سپیکر صاحب! میری بہن نے جو issue raise کیا ہے بڑا important issue ہے۔اس پہ حکومت seriously کام کر رہی ہے۔Deputy Prime Minister صاحب کی سربراہی میں ایک committee بنی،اس کے بعد sub-committee بنی تاکہ اس کو evaluate کیا جائے۔ یہ جو fees ہیں جو extra charge کر رہے ہیں ان کو evaluate کیا جائے۔Committee نے ان کی ساری financial statements کو مد نظر رکھتے ہوئے اس کو evaluate کیا،اور انہوں نے اس کی fees 1.8 million جو ہے،وہ declare کی کہ 1.8 million per student per year آپ charge کر سکتے ہیں۔اس پہ چند جو medical colleges ہیں،انہوں نے اعتراض کیا۔انہوں نے کہا کہ ہماری facilities زیادہ ہیں، ہم زیادہ service پیش کرتے ہیں، ہمارے خرچے زیادہ ہیں، ہمیں اس پہ relax کیا جائے۔ ہماری جو fee ہے،وہ 2.5 million کی جائے۔اس پر انہوں نے کہا کہ آپ appeal کریں،اپنی facilities کو justify کریں کہ آپ جو

جمع documents کی اور اپنے سارے appeal نے 61 medical colleges کرتے ہیں، اس کے مطابق ہے۔ تو demand کرائے، اور ان سارے documents کو evaluate کیا committee نے، اور اس committee نے کہا کہ ان میں سے جو 35 institutions کی appeal ہے وہ ٹھیک ہے، justify ہے، اور انہوں نے کہا کہ 2.1 million ان کو لینا جائز ہے۔

پھر اس کے بعد PMDC نے ایک portal بنایا، کہ جس کسی کو complaint ہے، students کو، ان کے parents کو، تو وہ اس پہ complaint کریں۔ لوگوں نے complaint کیں، پھر ان complaint کو مد نظر رکھتے ہوئے 45 institutions کو show cause notice دیا گیا ہے کہ آپ اپنے جو سارے واجبات ہیں، income tax ہے، جو returns ہیں، وہ جمع کرائیں۔ اگر وہ جمع نہیں کراتے ہیں، آپ justify نہیں کرتے ان ساری exemption کو، تو پھر آپ کے خلاف administrative action لیا جائے گا۔

**Mr. Deputy Speaker:** Ms. Asiya Naz Tanoli Sahiba to ask one question please.

***محترمہ آسیہ ناز تنولی:*** بہت شکریہ ڈپٹی سپیکر صاحب، یہ بہت important ہے کہ medical colleges میں جو students آرہے ہیں یا admission کے لیے apply کرتے ہیں، test ہوتے ہیں، test کی fees ہیں، اس کے بعد وہ private colleges جو لاکھوں روپے لے کے ان بچوں کو وہ apply کرواتے ہیں۔ Government کے جو ادارے ہیں، یا Government کے جو colleges ہیں، وہ کیوں ان کو facilitate نہیں کرتے، جو بچے دوسرے private colleges میں جا کے وہاں پر داخلہ لینے پر مجبور ہیں، یا اتنی seats ہی نہ ہوں جس کی وجہ سے ان کو private colleges میں جانا پڑے، اور اس کے بعد جو پریشانی ان کو ہوتی ہے کہ وہ فیسوں کو کس طریقے سے ادا کریں گے، والدین کے لیے پریشانی، لاکھوں روپے فیس دینا اور اس وقت دو وقت کی روٹی کھانا بڑا مشکل ہے۔ سب کو پتہ ہے کہ مشکل حالات چل رہے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ان بچوں کی فیسیں ادا کرنا اس سے بھی زیادہ مشکل ہے۔

یا تو ان colleges کا کچھ اس طریقے سے کوئی سلسلہ بنایا جائے کہ وہ ایک ہی دفعہ جو 20 یا 30 لاکھ فیس لیتے ہیں، وہ divide کر دیں۔ کوئی نہ کوئی ایسا procedure ہونا چاہیئے کہ ان بچوں کو facilitate کیا جائے۔ اور ان بچوں کو اگر facilitate نہیں کیا جاتا تو باہر ملکوں میں جاتے ہیں، جب وہاں سے واپس آتے ہیں، پھر apply کرتے ہیں اور ایک نیا procedure شروع ہو جاتا ہے اور ایک نئے procedure پر دوبارہ پیسے لگنا شروع ہو جاتے ہیں۔ کہیں نہ کہیں loophole ضرور ہے اور اس کو fill کرنا پڑے گا۔

اگر نہیں کیا گیا تو یہ بچے جو آج ہماری cream ہیں، وہ باہر ملکوں میں جا کر کام کریں گے اور وہاں کام کر کے ہمارے ملک کے لیے زرِ مبادلہ تو آئے گا سو آئے گا، لیکن ہمارے ملک کو بھی اس وقت ان بچوں کی بڑی سخت ضرورت ہے، تو ان بچوں کو یہاں facilitate کیا جائے۔ Thank you very much.

**جناب ڈپٹی سپیکر :** شکریہ۔ نیلسن صاحب۔

**جناب نیلسن عظیم :** شکریہ، سپیکر صاحب! میری بہن کی بات ٹھیک ہے کہ ان کو compensate کرنا چاہیئے،ان کو facilitate کرنا چاہیئے۔ جہاں تک حکومت کی بات ہے تو حکومت تو اپنے وسائل کے ساتھ انہیں facilitate کر رہی ہے۔ جتنی Government کی recognized seatsہیں،اس کے علاوہ جو لوگ apply کرتے ہیں،ان کو private colleges میں داخلہ ان کا merit کے مطابق کیا جاتا ہے کیونکہ وہ جب admission form دیتے ہیں تو اپنی priorities ظاہر کرتے ہیں اور priorities کے حساب سے ان کو ان colleges میں بھیجا جاتا ہے۔

جہاں تک private colleges کی فیسوں کے تعین کا ہے،وہ کمیٹی نے کر دیا ہے۔ آگے وہ اس کو implement نہیں کر رہے تو ان کے لیے ایک کمیٹی بنی ہے جو ان پر penalty impose کرے گی۔ یہ ساری چیزیں Government لوگوں کو facilitate کرنے کے لیے کر رہی ہے۔

میری بہن نے کہا ہے کہ لوگ باہر چلے جاتے ہیں۔ باہر تو جو بھی Government colleges اور medical colleges سے کامیاب ہوتے ہیں،ان کی پہلی priority یہی ہے کہ وہ America میں چلے جائیں یا England میں چلے جائیں۔ یہاں پر وہ رہتے ہیں، وہ کام کرتے ہیں،خدمت کرتے ہیں،جو ان کے test کو qualify نہیں کرتے اور جو باہر سے training کر کے آتے ہیں، جس طرح ہم باہر جاتے ہیں تو ہمارا test لیتے ہیں،اس طرح وہ بھی اگر آتے ہیں تو PMDC ان کا test لیتی ہے،جو اس standard پر پورا اترتے ہیں، کیونکہ patientsکی life کا مسئلہ ہے۔

جو اس test کو qualify کرتے ہیں،ان کو certificate دیا جاتا ہے۔ وہ ہمارے ہاں Government میں بھی کام کرتے ہیں اور private sector میں بھی کام کرتے ہیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ مس زہرہ ودود فاطمی صاحبہ،to ask one question۔

**محترمہ زہرہ ودود فاطمی:** ڈپٹی سپیکر صاحب! پارلیمانی سیکرٹری صاحب نے یہ تو بتا دیا ہے کہ ہمارا کیا فیصلہ تھا اور فیس کیا ہونی چاہیئے۔ مگر problem یہ ہے کہ اگر آپ دیکھیں تو پاکستان میں۔۔۔۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** یہ سوال آجائے،اس کے بعد آپ کو موقع دیتے ہیں۔

**محترمہ زہرہ ودود فاطمی:** پاکستان میں تقریباً ڈیڑھ پونے دو لاکھ بچے ہر سال apply کرتے ہیں،لیکن seats آپ کے پاس صرف20 ہزار، 21 ہزار کے قریب ہیں۔ فیس میں اتنا difference ہے between the Government colleges and between the private colleges۔ ہمارا فیصلہ یہ ہوا تھا کہ Government college کے بعد جب private collegesمیں یہ بچے MDCAT کا امتحان دے کر جاتے ہیں تو ان کی فیس18لاکھ سے زیادہ نہیں ہونی چاہیئے تھی۔

لیکن بعض commercial colleges ، جنہوں نے بہت خرچ کیا ہے،ان کو اجازت تھی کہ with the permission of the Committee of the fee، جو لیتے ہیں،ان سے permission جب آپ کو ملے گی تو آپ 25 لاکھ سے زیادہ نہیں جا سکتے۔

Unfortunately، یہ دیکھنے میں آرہا ہے اور جب ہم نے ہر جگہ سے معلوم کیا تو private colleges بغیر بتائے، under the table یا کسی بھی طریقہ سے بچوں سے فیس اتنی زیادہ لینے لگے ہیں کہ بچے اس قابل نہیں ہیں یا ماں باپ اپنے بچوں کو medical colleges میں پڑھائیں۔

یہاں تک پتہ چلا ہے کہ 35 to 40 لاکھ روپے یہ لیتے ہیں۔ وہ کسی بھی بہانے سے لیں لیکن فیس کی مد میں ہی جاتا ہے۔ ہمارے Minister صاحب نے بھی بہت کوشش کی تھی، لیکن یہ کیوں ہو رہا ہے؟اس کی روک تھام بہت زیادہ ضروری ہے کیونکہ بچے اس کے متحمل نہیں ہیں کہ اتنی زیادہ فیس دیں، جبکہ difference Government colleges اور private colleges میں بہت زیادہ ہے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ مصطفیٰ کمال صاحب! آپ نیلسن صاحب کی بات میں کچھ add کرنا چاہ رہے ہیں؟

**وزیر برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و ہم آہنگی (سید مصطفیٰ کمال):** Sir! یہ دونوں سوالات کو summarize کر دوں۔ Actually جب فیس اور students کی بات ہوتی ہے، 22 ہزار doctors ہم ہر سال بناتے ہیں۔ ان 22 ہزار کی 65 percent private sector ہے، جن کی فیسوں کی بات ہو رہی ہے، اور Government کی seats 35 percent ہیں۔

ہمارے پاس جو last year MDCAT ہوا ہے، اس میں 143,000 بچوں نے apply کیا تھا اور تقریباً 96 ہزار بچوں نے اس کو pass کیا ہے، اور ان 96 ہزار میں سے ہم 22 ہزار کو admission دے پائے۔

اس سے پہلے ہماری بہن جو بات فرما رہی تھیں، وہ بات درست ہے کہ ہمارے بچوں کی بڑی تعداد اس ملک سے باہر جاتی ہے، specially in the Central Asian countries، اور وہاں پر medical education بہت اچھی نہیں ہے۔

PMDC کی website پر وہ colleges جو recognized ہیں، جہاں جانا چاہیئے، plus اب وہ بچے جائیں جنہوں نے یہاں پر MDCAT pass کیے ہوئے ہیں۔ یہ جو 22 ہزار کا admission ہو گیا اور 70 ہزار بچے ہیں، وہی بچے جائیں جو MDCAT pass کیے ہوئے ہیں اور جو باہر education حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ اس سے تقریباً 800 million US dollars ہمارے پاس سے باہر جا رہا ہے۔

چونکہ سرکاری seats اس وقت کم ہیں، یہ تین سال کے لیے ban private colleges پر ہے، سرکاری colleges پر ban نہیں ہے۔ جیسے وہ اپنا infrastructure بڑھا رہے ہیں، Government ان کی seats بڑھاتی چلی جا رہی ہے، لیکن یہ 22

ہزار doctors میں سے جو بنتے ہیں،اس میں 65 percent doctors private colleges بنارہے ہوتے ہیں۔ I just would like to emphasize that.

**جناب ڈپٹی سپیکر :** شکریہ۔ فاطمی صاحبہ کا جو سوال تھا،اس کا جواب تو آگیا،اب نیلسن صاحب کو نہیں refer کرتے ہیں۔ ہمااختر چغتائی صاحبہ،to ask one question۔

**محترمہ ہمااختر چغتائی:** بہت شکریہ۔ وزیر صاحب نے اس کو بہت خوبصورتی سے بتایااور ہمارے پارلیمانی سیکرٹری صاحب نے بھی۔

Sir! Issues یہ ہیں کہ specially جو ہمارے private medical colleges ہیں، ان کی بہت زیادہ discrepancy ہے جو یہ اپنی website پر فیس کا system show کرتے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ جب فیس مانگتے ہیں تو ایک دن کے notice میں مانگتے ہیں اور اتنی زیادہ ہوتی ہے کہ بچے pay نہیں کر سکتے۔

تیسری بات یہ ہے کہ جو ہمارے students وہاں سے graduate ہوتے ہیں تو یہ سارے ملک سے باہر نہیں جا سکتے،اور پھر جب وہ باہر نہیں جا سکتے تو نہ وہ teaching hospitals کے ساتھ align ہو سکتے ہیں اور بیچارے دربدر ہوتے رہتے ہیں۔ Despite spending so much, what are the stringent measures being taken in this regard, کہ اس میں یہ کس طرح سے اس کو دیکھ رہے ہیں؟

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ مصطفیٰ کمال صاحب۔

**سید مصطفیٰ کمال:** سر! تاثر ایسا نہیں ہے۔ American کی ایک body ہے جو certify کرتی ہے دنیا میں۔ پاکستان کی اس medical education پر licensing ہوئی ہے اور جب ہم پاکستان کی medical education کی بات کرتے ہیں تو یہ private اور public دونوں ہیں، ہمارے doctors جو میں نے emphasize کیا اس سے پہلے کہ mind you کہ آپ کی society میں جتنے doctors پھر رہے ہیں اور جو دنیا بھر میں doctors جا کر پاکستان کا نام پیدا کر رہے ہیں اس کے 65% doctor جو ہیں وہ private sector کے colleges سے اور universities سے نکلے ہوئے ہیں تو اگر ان کی quality inferior ہوتی بہت زیادہ تو شاید ہمارے معاشرے میں doctors کا وہ مقام نہیں ہوتا، لیکن دنیا میں مقام ہوتا ہے، پاکستان بہت ساری چیزوں میں پیچھے ہے۔ لیکن پاکستانی doctors آج America میں،Europe میں،Middle East میں جہاں جائیں گے آپ پاکستانی doctors وہ پاکستان کے سفیر ہیں اور پاکستان کا بہت اچھا نام ہے۔

جو میری بہن نے بات کی وہ کچھ جگہوں پر جب آپ اتنا بڑا نظام چلاتے ہیں تو شکایتیں ضرور ہوں گی اس سے پہلے ہمارے پارلیمانی سیکرٹری صاحب نے بتادیا کہ ہمارے پاس written کتنی complaints آئیں ہم نے پورا ایک open portal بنا رکھا ہے جس کا دل چاہے وہ complaint کرے۔ ہمیں complaints آئی ہیں ہم نے ان کو zoom in کر کے ان colleges کو ان چیزوں پر ہم نے notices جاری کیے ہیں اور اگر جہاں پر ان چیزوں کو یہ misconduct ہوتی ہیں وہاں پر ان colleges کو باقاعدہ انتباہ کیا جاتا ہے اور

otherwiseپھر ہم ان کی seats کم کریں گے اور بند کریں گے تو rest assured یہ جو اس معاشرے میں آج کے اس زمانے میں یہ جو medical educationہے پاکستان کی، میں سمجھتا ہوں کہ یہ above average ہے۔ یہ آج کے زمانے میں ان چیزوں کی جو زبوں حالی ہے اس کے اندر medical students اور جو doctors نکل رہے ہیں الحمدللہ وہ بڑے trustworthy ہیں اور اس کا backgroundیہ ہے کہ PMDCجو اس کی regulation کرتا ہے آج بھی دنیا کی اچھی regulations میں اس کا شمار ہوتا ہے۔ تب ہی جا کر ہمارے یہ doctors اچھے ہیں۔

یہ debate چلتی رہے گی اور شکایتیں بھی چلتی رہے گی جہاں پر آپ اتنا بڑا انظام چلا رہے ہوں اتنے سارے collegesہوں، اتنے سارے ہمارے پاس students ہوں آپ کو پتہ ہے کہ تقریباً ڈیڑھ لاکھ کے قریب students apply کرتے ہیں MDCAT examدیتے ہیں، 90ہزار اس میں پاس کرتے ہیں، 22ہزار کو admission ملتا ہے کچھ لوگ باہر جاتے ہیں تو یہ issues جو ہیں وہ موجود ہیںbut overallپاکستان میں medical education سر! اس وقت میں بہت وُثوق سے کہتا ہوں ایک سال سے میں اسے دیکھ رہا ہوں بہت اچھی position میں above average ہے یقیناً شکایتیں ہوتی ہیں اور شکایتوں کو جو ہے وہ فوراً ہم action بھی لیتے ہیں اور دور بھی کریں گے ان شاءاللہ تعالیٰ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی مصطفیٰ کمال صاحب ایک چیز جو نوٹس میں آئی ہے کہ جو private colleges ہیں وہ فیس اپنی time پہ increaseکرتے ہیں وہاں غریب کا بچہ بھی پڑھتا ہے تو اس چیز کو تو regulate کریں اور آپ کا control ہو آپ اس کو allow کریں کہ فیس کتنی ہونی چاہیئے؟

**سید مصطفیٰ کمال:** سر! یہ ایک بہت بڑا issue تھا، مجھے یہ ذمہ داری ملنے سے پہلے یہ issue اٹھا تھا تو اس سے پہلے Prime Ministerصاحب نے Deputy Prime Minister کی سربراہی میں ایک کمیٹی بنائی just to monitor, find out the reality of the feesاور اس کے ساتھ ساتھ سر! تمام private sector کی associations کو، تمام VCs کو، پورے پاکستان اس کے ساتھ بہت سارے سرکاری اداروں کو جوڑ کر ایک بہت ہی comprehensiveقسم کی study کی گئی اور اس study کے بعد یہ طے ہوا کہ جو bottom slabہے یہ 1.8 million ہو گا اور اس میں ایک 25لاکھ کا ایکoption رکھا گیا اور اس کے اندر conditionsرکھی گئی کہ وہ colleges جو یہ سمجھتے ہیں کہ انہوں نے infrastructure پر زیادہ پیسے لگائے ہوئے ہیں اور وہ زیادہ اچھی facilitiesدے رہے ہیں اور ان کی cost جو ہے وہ اس سے زیادہ ہے وہ اپنی balance sheetکے ساتھ اپنی اپنی audit report کے ساتھ وہ اپناcase present کریں گے، اس case کو PMDC دیکھے گی اور اس کے بعد وہ determine کرے گی کہ اس کی فیس کیا ہے۔

سر! آپ کو میں record بتانا چاہتا ہوں ایک بھی college جو ہے وہ اپنی مرضی سے کوئی فیس determine نہیں کر سکتا اور پھر ایسا نہیں کہ کسی نے کوشش نہیں کی ہو گی جس جس نے کوشش کی ہے، جہاں جہاں سے report آئی ہے پورا open ایک portal ہے، وہاں ان پر قدغن لگائی گئی ہے تقریباً پورے پاکستان میں 188 colleges میں سے 60 plus نے apply کیا تھا لیکن ہم نے صرف اور صرف جو ہے وہ 36 colleges کو یہ allow کیا ہے کہ وہ اپنی فیسیں 18 لاکھ سے اوپر کریں اور وہ بھی کوئی 25 لاکھ نہیں ہے maximum جو ہے وہ 21 لاکھ something ہے جو کہ maximum فیس ہے colleges کی یہ میں آپ کو سر! record پہ بتا رہا ہوں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ جی یہ Item No. 59 لینا چاہ رہے ہیں Calling Attention Notice ہے مگر Minister for Water ابھی نظر نہیں آ رہے اگر وہ chamber میں ہیں یا lobby میں ہیں تو please آ جائیں تو ہم یہ Item No. 59 لے لیں۔

## POINTS OF ORDER

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی Point of Order پہ محمد الیاس چوہدری صاحب۔ Point of Order سب کو دے رہے ہیں نام لکھے ہوئے ہیں میرے پاس سب کو موقع ملے گا جس طرح میرے پاس نام آئے ہیں میں آپ کو بھی دے رہا ہوں وسیم صاحب۔ جی الیاس صاحب کا مائیک کھولیں۔

**جناب محمد الیاس چوہدری:** شکریہ، جناب ڈپٹی سپیکر! میں پہلے بھی ایک دو دفعہ یہاں پہ عرض کر چکا ہوں کہ میرا حلقہ تحصیل کھاریاں اور سرائے عالمگیر جس کی آبادی تقریباً 15 لاکھ کے قریب ہے اس area میں university کا کوئی campus یا university موجود نہیں ہے میرے حلقے کے لوگوں کو گجرات university میں جانے کے لیے 60 سے 70 کلو میٹر کا فاصلہ طے کرنا پڑتا ہے۔ Transport کا بھی بہتر انتظام نہیں ہے تو میری درخواست ہے کہ کھاریاں اور سرائے عالمگیر میں سرکار کی جگہ بھی موجود ہے اور اس جگہ میں کوئی university یا campus قائم کیا جائے۔

دوسری میں عرض کروں کہ ہمارے GT road کے حالات ٹھیک نہیں ہیں وہاں پہ flyover وغیرہ کی request کی تھی اس کے بارے میں کچھ بھی نہیں ہو رہا برائے مہربانی university پر خاص توجہ دی جائے کھاریاں اور سرائے عالمگیر میں flyover بنانے کے لیے حکومت کو چاہیئے کہ کچھ نہ کچھ finance کرے۔ شکریہ جی۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ جناب سعد وسیم صاحب۔

**پارلیمانی سیکرٹری برائے خزانہ و محاصل (جناب سعد وسیم)**: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ. Thank you very much Mr. Speaker! For giving me an opportunity to speak today's on very important and pressing issue of my constituency. جناب ڈپٹی سپیکر! خاص طور پر آج یہ بات کرنا چاہتا ہوں اور اس issue کو raise کرنا چاہتا ہوں جو directly اور indirectly میرے حلقے کے ہر constituent سے directly linked ہے اور صرف میرے حلقے سے نہیں بلکہ کم از کم پاکستان کا ہر شہری جو ہے وہ اس سے directly linked ہے۔ میں خاص طور پر جو electricity crisis ہے، اس کو highlight کرنا چاہتا ہوں اور یہ raise کرنا چاہتا ہوں کہ میرے حلقے میں unscheduled load shedding بہت زیادہ ہے اور جس کی وجہ سے لوگ جو ہیں وہ بہت تکلیف میں ہیں۔ اب load shedding کا تو definitely پورے پاکستان میں ایک crisis ہے اس کے ساتھ ساتھ کچھ واپڈا کی policies جو ہیں وہ that is just like an insult to injury. جناب سپیکر! آپ یہ دیکھیں کہ اگر کوئی شخص کسی گاؤں میں ایک بندہ چوری کرتا ہے تو یہ پورا پورا گاؤں بند کر دیتے ہیں، پورا پورا transformer بند کر دیتے ہیں تو یہ جو policy ہے یہ اس کی مثال ایسے ہے کہ اگر کسی محلے میں ایک بندہ چوری کرے تو آپ سب کو پکڑ کے اندر دے دیں please یہ جو bureaucratic approach ہے اس کو please change کریں جو بندہ the one who is actually a culprit and who is actually responsible for electricity theft, he is the only person who must be held accountable آپ اس کی بنیاد پر پورے پورے علاقے کے لوگوں کو بند کر دیتے ہیں۔

جناب سپیکر! ایک اور بات اب واپڈا نے ایک نیا کام شروع کیا ہے کہ وہ losses کو manage کرنے کے لیے اس بندے کے پیچھے نہیں جاتے جو چور ہے بلکہ ایک انہوں نے site identify کی ہے اور رات کو کسی بھی پہر وہ وہاں سے connection اتار دیتے ہیں اور چھ چھ گھنٹے، آٹھ آٹھ گھنٹے اس علاقے میں اس حبس کے موسم میں light بند رہتی ہے تو یہ جو سارا معاملہ electricity کے ساتھ ساتھ اس policy کا بھی ہے جو actually ہم سب کو hurt کر رہی ہے۔ ہم یہاں لوگوں کی نمائندگی کرتے ہیں اور میں نہیں سمجھتا کہ یہ جو Government officers کی approach ہے to curtail that circular debt and to curtail that loss is giving benefit to the public.

میں صرف آخری جو بات کرنا چاہتا ہوں اور Mr. Speaker and I wish کہ آپ بھی ایک حلقے کی نمائندگی کرتے ہیں اور آپ بھی اس crisis سے میرے سے زیادہ واقف ہیں۔ کم از کم واپڈا کی یہ جو policy ہے that must be brought definitely under discussion in this House. اور ایسا mechanism adopt کرنا چاہیئے جس سے ہم چوروں کو بھی پکڑ لیں، اپنا نظام بھی بہتر کریں اور لوگوں کو بھی relief دیں۔ یہ کوئی طریقہ نہیں ہے کہ ایک consumer وہ جائز بل بھی دے، اپنی حلال کی کمائی سے اس مشکل

وقت میں بل بھی pay کرے۔اس کے باوجود واپڈا والے ایک چور کی وجہ سے اس کی light بند کر دیں۔ I am raising this voice and I am registering my protest.

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ Point of Order پہ تقریر تو نہیں ہو گی ناں۔

**جناب سعد وسیم:** جناب ڈپٹی سپیکر صاحب آخری بات۔ Just I am concluding.

**جناب ڈپٹی سپیکر:** آپ نے 6 points raise کیے ہیں۔ Please wind up کریں۔

**جناب سعد وسیم:** جناب سپیکر! میں یہ expect کرتا ہوں and I humbly submit request before you کہ آپ کم از کم اس معاملے پہ واپڈا والوں کو اس House کے توسط سے ضرور Ruling دیں کہ پلیز لوگوں کا خیال کریں۔ آپ policy وہ بنائیں جو لوگوں کے لیے فائدہ مند ہو۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ جی۔ Item No. 59. Calling Attention Notice. مسٹر اویس حیدر جکھڑ صاحب۔

## CALLING ATTENTION NOTICE *REG*: INCESSANT RIVER EROSION AND THE RESULTING THREAT OF FLOODS IN DISTRICT LAYYAH, PUNJAB

**Mr. Awais Haider Jakhar:** I invite attention of the Minister for Water Resources, to a matter of urgent public importance regarding incessant river erosion and the resulting threat of floods in District Layyah, Punjab, causing grave concern amongst the public.

**جناب ڈپٹی سپیکر:** معین وٹو صاحب۔

**وزیر برائے آبی وسائل (جناب محمد معین وٹو):** ایک question وہ کر دیں تا کہ میں اس کا جواب تو دے سکوں۔ اصل میں، میں نے ابھی Calling Attention Notice دیکھا نہیں ہے۔جی میں دیکھ لوں تھوڑا سا اس میں وقفہ دیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** آپ brief statement دے دیں ناں۔ یہ آخری Calling Attention Notice ہے Item No. 59. وٹو صاحب آج تیاری کر کے نہیں آئے؟

**جناب محمد معین وٹو:** نہیں۔ میرے پاس ہے نہیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** تھوڑی دیر بعد آپ اس کو دیکھ لیں، میں Point of Order ابھی لے لیتا ہوں۔

**جناب محمد معین وٹو:** تھوڑی دیر بعد میں۔۔ یہ ایک منٹ کے لیے ادھر آ جائیں، اس کو دیکھ لیتا ہوں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** ادھر آ جائیں ایک منٹ کے لئے۔

(مداخلت)

## POINTS OF ORDER

**جناب ڈپٹی سپیکر:** عالیہ کامران صاحبہ Point of Order پہ بولیں۔ ذرا brief سب کو موقع دیناچاہ رہے ہیں، کافی سارے نام ہیں۔

**محترمہ عالیہ کامران:** سر! Brief ہی بات کر رہی ہوں کہ سر! سب سے پہلے تو مجھے ایک ذرا یہاں پہ وضاحت یہ کروانی ہے کہ پچھلی دفعہ بھی سر! Private Members' Day پر ہم نے Point of Order کو کھول دیا تھا۔ مانا، ٹھیک ہے، عوام کے مسائل ہیں۔

لیکن سر! Private Members' Day بھی legislation کے حوالے سے بڑااہم ہوتاہے اوراس میں ہم جیسے Private Members کا کام لگاہوتاہے۔ اور سر! یہاں پہ Chair نے یہ کہاکہ مشاورت سے یہ طے پایاہے کہ ہم Point of Order پہ بات کریں گے۔ تواپوزیشن کی طرف سے کسی نے بھی اس مشاورت کے اوپر یہ نہیں بتایاکہ ان کو on board لیاگیاہے۔ اب یہ کس کی مشاورت سے آپ نے اس کو Point of Order کے لیے کھولاہے؟ توسر یہ ایک بات۔

دوسرا جو suspension ہوتی ہے کسی بھی agenda کے لیے اور تو کوئی Motion move ہوتی ہے تو بغیر کسی suspension کے ہم نے کس طرح سے ان rules کو violate کرکے ہم لوگ Point of Order پہ چلارہے ہیں۔

توسر! اس کے لیے بھی کوئی ذراپہلے Motion move کروادیجئے تاکہ پتہ توچلے کہ ہم کس پہ بات کررہے ہیں؟

سر! دوسری چیز یہ ہے کہ یہاں پر کہاجارہاہے کہ paperless legislation ہورہی ہے توسر! Senate کے اندر کیوں نہیں وہ ہورہی؟ Senate and National Assembly برابر چلتے ہیں، وہاں پر تو paper چل رہے ہیں اور یہاں پر چلیں مانا ہمیں عام دنوں میں paper نہیں دیاجارہا۔ لیکن اتنی اہم قانون سازی ہوتی ہے، آئینی amendments ہم کرنے جارہے ہوتے ہیں اور ہمارے ہاتھ میں کوئی بھی مسودہ سامنے نہیں ہوتااور ہم ہواؤں کے اندر جوہے سر! پوچھنا پہلے توخیر پوچھتے نہیں تھے نمبر آپ کے پاس پورے ہیں۔ آپ کر سکتے ہیں، آپ کا اختیار ہے۔ لیکن کم از کم جو ہماراحق ہے کہ جو قانون سازی ہوتی ہے وہ paper ہمارے سامنے ہوناچاہیئے، وہ بھی ہمارے سامنے نہیں ہوتاہے۔

سر! ان معاملات کولازمی دیکھیےاور یہ clear کروائیے کہ Private Members' Day کو کیوں ہم ختم کرنے جارہے ہیں؟

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ آپ کا point آگیاہے۔ علی محمد صاحب۔

**جناب علی محمد:** بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ (عربی) محترم ڈپٹی سپیکر صاحب! انتہائی اہم issue ہے اوراس پہ میں آپ کی توجہ بھی چاہتاہوں اور میں چاہوں گاکہ آپ اس پہ کوئی Ruling بھی دیجئے گا۔

پہلے تھوڑے سے facts میں آپ کے سامنے رکھناچاہتاہوں۔ سر! پہلی بات تو یہ ہے کہ نبی پاک حضرت مُحمد رَسُولُ اللہ خَاتَمَ النَبِیِیّن صَلی اللہُ عَلَیہِ وعَلیٰ آلِہٖ و اَصۡحٰبِہٖ وَسَلّم کی حرمت پہ، ان کی آل اولاد پہ، ہماری آل اولاد، ہماری جان سب کچھ قربان ہے، ہم سب غلامانِ رسول ہیں۔ ان کے جو ساتھی ہیں صحابہ کرام، اہل بیت، امہات المومنین، خلفائے راشدین، ان کے حوالے سے ایک law move ہواتھا 2020

میں۔ سر! آپ اس اسمبلی کا حصہ تھے ہماری اس وقت حکومت تھی۔ محترم چترالی صاحب یہاں Opposition Benches پہ بیٹھتے تھے جماعت اسلامی سے اور انہوں نے اس کو move کیا تھا۔ سر! وہ move ہوا تھا 20-10-2022 کو، .Bill was introduced اس کے بعد 02-08-2022 کو اس کی Standing Committee report سے آگئی۔

محترم ڈپٹی سپیکر صاحب! 17-01-2023 کو یہ law ہو گیا۔ Law کیا تھا؟ Law یہ تھا (A) 298 میں تھوڑی سی amendment مزید کی تھی۔ پہلے سے جو سزا تھی وہ یہ تھی کہ خدانخواستہ کوئی شخص اگر ایسا کوئی جرم کرتا ہے۔ جس میں اہل بیت، صحابہ کرام، خلفائے راشدین، امہات المومنین کی خدانخواستہ شان میں کوئی گستاخی کرتا ہے۔ تو اس پہ (A) 298 میں سزا تھی لیکن وہ بڑی کم تھی three years تھی اور اس میں کوئی fine تھا اور وہ bailable offence تھا۔ جو amendment تھی وہ یہ آئی کہ اس پہ اگر خدانخواستہ کوئی شخص یہ ظلم عظیم کرتا ہے۔ تو اس کو سزا تجویز کی گئی life imprisonment یا minimum ten years وہ قومی اسمبلی سے 17-01-2023 کو پاس ہو گئی اور اس کے بعد سینیٹ آف پاکستان میں گئی اور یہ نوٹ کیجئے گا کہ 7th July 2023 کو سینیٹ سے پاس ہوئی without any amendment۔ وہ پھر چلی گئی محترم صدر پاکستان کے پاس۔ صدر صاحب نے اس کو نہ assent کیا یعنی approve نہیں کیا، لیکن اس کو reject بھی نہیں کیا۔ اگر reject کرتے ہیں، واپس بھیجا تو جاتا ہے۔ Article 75 with the Constitution کے تحت واپس بھیجا جاتا ہے، وہ واپس بھی نہیں بھیجا اور اس کو approve بھی نہیں کیا۔

میں یہ چاہوں گا کہ قومی اسمبلی کی طرف سے Ruling آئے کہ وہ جو بل ہے جو قومی اسمبلی اور سینیٹ آف پاکستان سے پاس ہوا تھا۔ صدر مملکت اس کو approve کریں اور اس کو قانون بنائیں اور اس کا فائدہ سر! کیا ہو گا؟

سر! اس کا فائدہ یہ ہو گا کہ جو (C) 298 ہے، جو نبی پاک حضرت مُحمد رَسُولُ اللہ خَاتَمَ النَبِیِیّن صَلی اللہُ عَلَیہِ وعَلیٰ آلِہٖ واَصحٰبِہٖ وَسَلِّم کے blasphemy کے حوالے سے ہے اس میں چونکہ سزا سخت ہے۔ تو اس میں رجحان بڑا کم ہے۔ لیکن چونکہ اس والے (A)298 میں سزا کم ہے اس وجہ سے رجحان کافی ہے کیونکہ bailable offence ہے three years کی punishment ہے اور وہ ہوتی کوئی نہیں ہے۔

اس لیے میں یہ تجویز کروں گا اس ایوان کی ذمہ داری ہے کہ نبی پاک حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمَ النبیین صَلی اللہُ عَلَیہِ وعَلیٰ آلِہٖ واَصحٰبِہٖ وَسَلم کے اہل بیت، صحابہ کرام، امہات المومنین، خلفائے راشدین، جو ان کی انتہائی عزیز اور عظیم ترین ہستیاں ہیں، ان کی حرمت کے تحفظ کے لیے قومی اسمبلی اور سینیٹ آف پاکستان نے جو law پاس کیا تھا، صدر پاکستان کی responsibility بنتی ہے کہ اس کو وہ approve کریں یا اگر اس میں وہ amendment فرض کریں تجویز کرتے ہیں تو واپس بھیج دیں۔ کم از کم اس کا کوئی حل تو نکلے۔ بہت شکریہ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔اس میں علی محمد صاحب، جس وقت یہ قانون پاس ہوا تھا،اس وقت علوی صاحب صدر پاکستان تھے۔تو ابھی ہم status checkکرلیں گے کہ ابھی where does it stand, شکریہ۔

مزید Point of Orders ابھی بعد میں لیتے ہیں۔

## CALLING ATTENTION NOTICE *REG*: INCESSANT RIVER EROSION AND THE RESULTING THREAT OF FLOODS IN DISTRICT LAYYAH, PUNJAB

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی وٹو صاحب اویس حیدر جکھڑ صاحب نے Calling Attention Notice پڑھا تھا۔تو اس کا آپ brief جواب دیں۔

**جناب محمد معین وٹو:** جی میں اسی سلسلہ میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے جو Calling Attention Notice دیا ہے وہ ہے لیہ کے اندر دریائی کٹاؤ کے بارے میں۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ وہاں دریا کی وجہ سے بہت سارے دیہات دریا برد ہو رہے ہیں اور بڑا نقصان ہو رہا ہے۔لیکن میں ابھی کچھ دیر پہلے concerned administration سے تفصیل سے بات کر کے آیا ہوں۔ میں نے انہیں کہا کہ آپ فوری طور پہ کیا کر رہے ہیں؟ تو فوری طور پر جتنے لوگ اس میں displaces ہوئے ہیں،ان کے لیے رہائش کا انتظام اور جونہی پانی کم ہو جائے گا تو اُن کی rehabilitation بھی ہو گی اور جتنے لوگوں کے گھر مسمار ہونے کی وجہ سے نقصان ہوا ہے اُن کو compensation بھی دی جائے گی۔موجودہ صورتحال میں اُس کا فوری بندوبست ہونا مشکل ہے، چونکہ پانی آ رہا ہے اور پانی کے بہاؤ کی وجہ سے، تقریباً تین لاکھ کیوسک کے قریب پانی آ رہا ہے، جونہی پانی کم ہوتا ہے تو ان شاءاللہ ساری صورتحال کو control کر لیا جائے گا۔وہاں کی administration بہت vigilant ہے اور وہ وہاں بہت کام کر رہی ہے۔

**Mr. Deputy Speaker:** Thank you. Awais Haider Jakhar Sahib, please ask one question.

**جناب اویس حیدر جکھڑ:** میں منسٹر صاحب کی ان تمام باتوں سے اختلاف کروں گا۔ میں نے کل بھی ایک question پوچھا تھا اور اُسی کے ساتھ میرا یہ Calling Attention Notice تھا۔میں نے یہ پوچھا تھا کہ اب تک کیا کیا گیا ہے؟ مسلسل دریائی کٹاؤ ہے، سیلاب تو کبھی کبھی آتا ہے لیکن جو دریائی کٹاؤ ہے اس کا سیلاب سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

دیکھیں 2023 میں Green Climate Fund میں پاکستان کو foreign funding میں تقریباً 77.6 million dollars ملے تھے۔ جس میں Green Climate Fund کے 66 million dollars تھے۔ Coca-Cola Foundation کے 5 million dollars تھے۔ USAID کی طرف سے 5 million dollars تھے اور WWF کی طرف سے 1.8 million dollars تھے۔اس project کو erosion funding کے نام سے منسوب کیا گیا تھا لیکن ان میں سے مجھے یہ بتایا جائے کہ کتنے پیسے دریائی کٹاؤ کے لیے خرچ کیے گئے ہیں؟

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔

**جناب اویس حیدر جکھڑ:** نہیں سر، میری بات۔۔۔۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** آپ نے کل Point of Order پر بھی یہ raise کیا تھا، brief کریں، جکھڑ صاحب کا mic کھولیں۔

**جناب اویس حیدر جکھڑ:** سر! brief نہ کریں، وہاں پر لوگوں کے گھر تباہ ہو گئے ہیں۔ میں دو سال سے اس ایوان میں یہ بات بار بار کر رہا ہوں کہ مہربانی فرما کر اُن علاقوں میں جہاں پر لوگ مسلسل دریائی کٹاؤ کا شکار ہیں وہاں پر کیوں نہیں یہ کام ہو رہے؟ آپ کے سامنے صورتحال یہ ہے، دیکھیں کیا ہم جنوبی پنجاب کے لوگ†[***] ہیں اور GT road پر رہنے والے لوگ برہمن ہیں؟

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ معین وٹو صاحب۔۔۔۔

(مداخلت)

**جناب ڈپٹی سپیکر:** نہیں، تقریر تو نہیں ہو سکتی، آپ کو wind up کرنے کا موقع دیا ہے۔ وٹو صاحب جواب دیجئے۔

**جناب محمد معین وٹو:** سر! میں معزز ممبر کے جذبات کا پوری طرح احساس کرتا ہوں۔

(مداخلت)

**جناب ڈپٹی سپیکر:** No cross talk تشریف رکھیں۔ وٹو صاحب آپ Chair کو address کریں۔

(مداخلت)

**جناب محمد معین وٹو:** اچھا چلیں پہلے آپ مکمل کر لیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** وٹو صاحب آپ کو Floor دیا ہے، آپ جواب دیں۔

**جناب محمد معین وٹو:** سر! میں ایک تو اپنے معزز دوست کا پورا احترام کرتا ہوں، اُن کے جذبات کا مجھے پوری طرح احساس ہے اور اگر کہیں compensation رہ جائے گی، پچھلی دفعہ بھی جہاں جہاں کٹاؤ سے نقصان ہوا ہے سب لوگوں کو compensation ملی ہے اور اگر انہیں کوئی شکایت ہے تو اس کے بارے میں، میں معلوم کر لیتا ہوں اور ان کی شکایت دور کر دیتے ہیں۔

**Mr. Deputy Speaker:** Thank you. Syed Shah Ahad Ali Shah Sahib to ask one question.

**سید شاہ احد علی شاہ:** بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ سر! میں حیدر صاحب کی بات کو second کروں گا اور ان کے کہنے کا مطلب یہ تھا کہ جتنی اس کے لیے foreign funding ہوئی ہے تو اب تک وہ پیسے کیوں استعمال نہیں ہوئے؟ مجھے لگ رہا ہے کہ موصوف صاحب اس سوال کو پوری طرح سمجھے نہیں ہیں تو kindly ذرا جکھڑ صاحب کے اس question کو سمجھیں اور اس کے بعد اس کا جواب دیجئے، بہت شکریہ۔

---

†(*** بحکم جناب ڈپٹی سپیکر لفظ کارروائی سے حذف کر دیا گیا۔)

**جناب ڈپٹی سپیکر:** آپ کہہ دیں، Calling Attention Noticeپر یہ بحث تو نہیں کروا سکتے۔ دوبارہ اگر وہ جواب دیں پھر وہ ایک اور سوال کریں، یہ تو نہیں ہوتا۔ شاہ صاحب کا micکھولیں۔

**سید شاہ احد علی شاہ:** ان کے کہنے کا مطلب یہ تھا کہ جتنی foreign funding آئی ہے، اب تک دریاؤں کا جو کٹاؤ ہو رہا ہے اس کٹاؤ کو روکنے کے لیے کتنا کام ہوا ہے؟ وہ پیسے کہاں پہ استعمال ہوئے ہیں؟ وہ یہ نہیں پوچھ رہے کہ آپ rehabilitation میں کیا کر رہے ہیں۔ وہ تو ویسے بھی حکومت کا کام ہے، وہ normal اس طرح کے کام کرتی رہتی ہے۔ Thank you, Sir

**جناب ڈپٹی سپیکر:** وٹو صاحب۔

**جناب محمد معین وٹو:** سر! میں نے اس کا تفصیل سے پہلے بھی جواب دیا ہے کہ موجودہ صورتحال میں جب پانی کا بہاؤ اتنا زیادہ ہے کہ تقریباً ساڑھے تین ہزار cusecs جو پانی آرہا ہے۔۔۔۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** آپ funds کے بارے میں بتائیں، جو وہ emphasize کر رہے ہیں وہ funds پر کر رہے ہیں۔

**جناب محمد معین وٹو:** سر! یہ اُسی پہ ہی کہہ رہے ہیں، ان موجودہ حالات میں مشکل ہے لیکن جب پانی کم ہو جائے گا تو پھر ہو جائے گا۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** آپ فنڈز کے بارے میں بتائیں، جو سوال کر رہے ہیں کہ فنڈز کے بارے میں بتائیں۔

**جناب محمد معین وٹو:** سر! Funds کے بارے میں صوبائی حکومتوں نے اپنے طور پہ تو compensation دی ہے لیکن جن fundsکا انہوں نے ذکر کیا ہے آپ اگر یہ matter Standing Committee کو refer کر دیں اور وہاں چلا جائے تو وہاں پتہ چل جائے گا۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** وٹو صاحب آپ تیاری کرکے آتے، مگر ہم آپ کے کہنے پر یہ کمیٹی کو refer کرتے ہیں اور پھر آپ kindly prepareہو کر اس committee میں جواب دیں جو بھی ہو۔ وٹو صاحب کا micکھولیں۔

**جناب محمد معین وٹو:** عرض یہ ہے کہ میں اس کے بارے میں معلوم کر کے آپ کو بتا سکتا ہوں، مگر وہ اس کے باوجود بھی مطمئن نہیں ہو رہے۔۔۔۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** بس اب ہم نے کمیٹی کو refer کر دیا ہے، کمیٹی میں پھر جواب دیجیئے گا۔ شکریہ۔ غلام محمد صاحب، غلام محمد صاحب موجود نہیں ہیں۔

## POINTS OF ORDER

**Mr. Deputy Speaker:** Syed Rafiullah Sahib on Point of Order.

**سید رفیع اللہ:** شکریہ، جناب ڈپٹی سپیکر صاحب! میں آپ کا بے حد مشکور ہوں جس طرح ہمارے بھائی سعد وسیم صاحب نے بات کی، K-Electricیا واپڈا جو اس وقت زیادتی کر رہے ہیں میں اس کی repetitionنہیں کروں گا، یہی حال پورے کراچی میں ہے لیکن میں آپ کے توسط

سے وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف صاحب کی توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ میاں صاحب! خدارا کچھ چیزوں پر وضاحت دیں اور غور کریں، جب آپ کی Cabinet کا Minister کہے کہ یہ failure ہے، یہ نظام نہیں چل رہا اور اس دوران پھر وہ صوبوں کا ایک نیا شوشہ چھوڑتے ہیں، تو یہ چاہ کیا رہے ہیں؟ بات یہ ہے کہ government کو چاہیئے۔۔۔۔

(مداخلت)

**سید رفیع اللہ**: اِن کی تکلیف پتہ نہیں کون دور کرے گا؟ یہ بھی زمانے کے ساتھ ساتھ سدھرتے نہیں ہیں۔ سدھر جاؤ یار! یہ کونسا طریقہ ہے؟ آپ اپنی باری پہ بات کریں۔ نہ آپ کو کوئی sense ہے، نہ کوئی طریقہ آتا ہے۔ اسی طریقے سے آپ نے کراچی کو تباہ کیا ہے۔ آپ کون ہوتے ہیں اس طرح بات کرنے والے؟

(مداخلت)

**سید رفیع اللہ**: میں نے آپ سے بات ہی نہیں کی۔ آپ کون ہیں؟ آپ کی اتنی value نہیں اور اوقات نہیں ہے کہ میں آپ سے بات کروں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر**: .No cross talk آغا صاحب! آپ Chair کو address کریں۔

**سید رفیع اللہ**: تو یہ بیچ میں پنگا کیوں کر رہا ہے؟ اس کو پھر پتہ نہیں ہے۔

(مداخلت)

**سید رفیع اللہ**: تمیز سے، آپ اس قابل نہیں ہیں کہ آپ سے تمیز سے بات کی جائے۔ !Shut up

**جناب ڈپٹی سپیکر**: بحث نہ کریں، شکریہ۔ مبارک زیب صاحب۔۔۔۔

(مداخلت)

**جناب ڈپٹی سپیکر**: نہیں، آپ یہ تو نہیں کر سکتے کہ آپ اپنی اُدھر ہی ایک محفل لگالیں۔ آپ ہاؤس میں۔۔۔۔

(مداخلت)

**جناب ڈپٹی سپیکر**: یہ غیر مناسب ہے۔ آغا صاحب آپ پوری قوم کو کیا message دے رہے ہیں؟ آپ کو موقع دیتا ہوں، دو منٹ آپ ٹھنڈے ہو جائیں میں اس کے بعد موقع دیتا ہوں۔

(مداخلت)

**جناب ڈپٹی سپیکر:** آپ کو موقع دے رہا ہوں۔ آپ تشریف رکھیں۔ تھوڑا blood pressure ٹھنڈا کریں پھر آپ کو موقع دیتا ہوں۔ آپ تشریف رکھیں، اب Chair کی بھی بات مانیں، آپ تشریف رکھیں. please میں آپ کو موقع دے رہا ہوں جب میں آپ کو بول رہا ہوں، please تشریف رکھیں۔ آپ کو موقع مل رہا ہے۔ تہمینہ دولتانہ صاحبہ۔

(مداخلت)

**جناب ڈپٹی سپیکر:** آپ کو موقع دے رہا ہوں، دو منٹ تشریف رکھیں۔ آپ کو موقع دے رہا ہوں۔ تہمینہ دولتانہ صاحبہ، button press کریں۔ آپ اپنی سیٹ پہ جائیں۔

**Begum Tehmina Daultana**: Thank you Sir! I am here to say one thing. This is not right to call Southern Punjab †[***]. I disagree with this.

یہ word †[***] جو انہوں نے کہا ہے، Southern پنجاب والے †[***] نہیں ہیں۔ ہم نواب فیملی سے ہیں، ہمیں †[***] مت کہیں، اور مجھے میرے PM نواز شریف، شہباز شریف، جب وہ CM تھا۔ He gave me so much funds for COMSATS University and for the hospital, which has been upgraded from 135 beds to 440. He gave me funds for the industrial estate.

**جناب ڈپٹی سپیکر:** †[***] لفظ ہم expunge کرتے ہیں۔

**Begum Tehmina Daultana**: The word †[***] has to be expunged because I hate it, that we people are not †[***], and this is the Hindu's concept; no Muslim is a †[***]. We are all equal. Maryam Bibi gave me 27 billion for road from Vehari to Multan. So how are we in anyway less than anybody? I respect my leadership.

I respect Mian Nawaz Sharif and Mian Shahbaz Sharif. I respect Maryam Bibi, who is the CM today. I respect all of them. If they are in the Opposition, that's their fault and when they were in Government, if their Prime Minister didn't give them anything, that's their fault. If they did not get anything during that period, that's their fault.

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ، جی wind up کریں۔

**Begum Tehmina Daultana**: And another thing, our leadership, PML (N), gives us a lot. Our leadership looks after us. Maybe in Southern Punjab and Northern Punjab, there is no difference. The difference is in loyalty. If you are loyal to your

---

†(*** بحکم جناب ڈپٹی سپیکر الفاظ کارروائی سے حذف کر دیے گئے۔)

leadership, you will get funds. If you are not loyal to your leadership, you won't get it. Our simple system works like that. Thank you, Sir.

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ سر۔ شاہدہ اختر علی صاحبہ، on Point of Order۔

**محترمہ شاہدہ بیگم:** شکریہ، جناب ڈپٹی سپیکر صاحب۔ Deputy Speaker آج Private Members' Day ہے اور عوام کے لیے قانون سازی ہونے جا رہی ہے اور باقاعدہ legislation کے لیے ہمارے پاس Order of the Day بھی آتا ہے۔ لیکن اس کے باوجود ایوان کا یہ حال ہے۔ لیکن جب کوئی بھی Supplementary Agenda آتا ہے اور خواص کے لیے قانون سازی ہوتی ہے تو مجھے سمجھ نہیں آتی کہ Treasury Benches پہ کہاں سے الہام ہوتا ہے کہ تمام seats fill ہو جاتی ہیں۔ اس کا ہمیں بتائیں کہ یہ کیا گُر ہے۔ نہ Minister ہے، نہ Parliamentary Secretary، اور جو ہوتے ہیں وہ بھی تیاری کر کے نہیں آتے۔ اور پھر without rules relaxation کہ آپ Motion move کریں اور relax کریں اپنے rules کو، اسی طرح بغیر قواعد کے چلائے جا رہے ہیں تو کب تک یہ rules کی violation ہو گی؟

جناب سپیکر، Point of Order پہ آپ زیادہ time تو نہیں دیں گے، لیکن ایک اہم issue کہ جہاں پہ آپ lifetime exemption دیتے ہیں، relaxation دیتے ہیں، وہاں پہ آپ کا نوجوان بے روزگار ہے اور آپ کی age limit وہیں پہ stuck ہو جاتی ہے۔ میں نے ایک قانون سازی کے لیے Private Member Bill دیا تھا، about the CSS Age کہ آپ اس کی age relax کریں اور 30 کی بجائے 35 کر دیں، کہ وہ نوجوان جو کہ backward area سے ہے یا جن کو وہ مواقع نہیں مل سکے، کہ وہ اپنی تیاری کے ساتھ اپنا competitive exam دے سکیں۔

لیکن اس کے باوجود کہ جس طرح آج کا حال آپ دیکھیں، مہینوں ہم انتظار کرتے ہیں، لیکن وہ Bill بری طریقے سے وہ kill ہو جاتے ہیں Private Member, تو اس عوام کا آپ کب سوچیں گے؟ حکومت اپنی policies پہ نظر ثانی کرے۔ اگر اس طرح ایوان میں کارکردگی رہی آپ کی، تو ایوان کی رونق اس وقت دیدنی ہوتی ہے جب آپ نے Supplementary Agenda لانا ہوتا ہے، اور جب عوام کی بات ہوتی ہے تو ہمیں یہ ایوان ملتا ہے اور یہ piece of paper ملتا ہے۔ آپ نے جو بھی کرنا ہے مگر at least وہ three readings تو complete کریں۔ اگر ہمارا ووٹ negative میں آتا ہے، تب بھی count تو کریں۔ اس طرح کی legislation ایوان کے تقدس کو ضرور پامال کر رہی ہیں جو کہ ہو رہا ہے، اور ہمیں اس کا دکھ ہے کہ یہاں پہ ہم بیٹھے ہوئے ہیں، لیکن ہماری آواز کو نہیں سنا جا رہا۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ! اب تقریر تو نہیں ہو سکتی، Please، نہیں، کتنے points آپ اٹھائیں گی؟ اور ممبران کو بھی موقع دینا ہے۔ Please جی mic کھولیں۔

**محترمہ شاہدہ بیگم:** شکریہ! جو load shedding کے حوالے سے آپ consumer پہ بوجھ ڈال رہے ہیں، تو حکومت کب اس کے حوالے سے sensitized ہو گی کہ جو replacement of the obsolete poles and wires ہیں، کہ جو load management اور theft کے نام پہ extra bills آتے ہیں، اس سے عوام کو چھٹکارہ کب ملے گا؟ آپ یہ policy کب لائیں گے تا کہ یہ تمام replacements ہوں اور load shedding کا مسئلہ حل ہو۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ آغا رفیع اللہ صاحب۔

**جناب رفیع اللہ:** بہت شکریہ جناب ڈپٹی سپیکر صاحب۔ ڈپٹی سپیکر صاحب! جس طرح میں تھوڑی دیر پہلے بات کر رہا تھا کہ وزیر اعظم پاکستان کو چاہیئے کہ جب ان کی Cabinet کے ایک اہم Minister اپنی Government کے against charge sheet پیش کرتے ہیں، پھر اس دوران ایک ایسا شوشہ چھوڑا جاتا ہے جو کہ ہمیشہ کسی چیز کو چھپانے کے لیے کوئی نہ کوئی بات ڈالی جاتی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ نشانہ کہیں اور ہے اور اشارہ کہیں اور ہے۔ تو اس طرح کے آج آپ media میں جائیں تو ایک ہی question ہوتا ہے کہ جی، یہ صوبوں کی بات، جی، اس بات سے خواہ مخواہ آپ قوم کو confuse کیوں کر رہے ہیں؟ ایک policy statement دینی چاہیئے Government کو اور وضاحت کرنی چاہیئے کہ Government اس وقت کیا سوچ رہی ہے، حقیقت کیا ہے۔

اسی دوران جناب Deputy Speaker صاحب، کچھ عرصہ پہلے پتہ یہ لگا کہ ہمارے پاس چینی بہت زیادہ ہے۔ ہم نے یہ چینی باہر بھیجی، چینی ہم نے export کر دی۔ یہاں rate چینی کے بڑھ گئے، 220 روپے تک کلو چلا گیا۔ پھر بولا، نہیں، اب import کرنی چاہیئے۔ آج کل سوچ رہے ہیں کہ پھر export کریں۔ تو کیا وزیر اعظم پاکستان اس پہ کوئی inquiry کروا سکتے ہیں کہ یہ کن کے کہنے پہ چینی import اور export کی جاتی ہے، اور کس کی جیبوں پر اس کا منفی اثر پڑتا ہے اور کس کو نفع ہوتا ہے؟ تو یہ قوم کو پتہ چلنا چاہیئے۔ آج آ کے غریب آدمی ہی اس چکی میں پس رہا ہے۔

میری وزیر اعظم پاکستان سے request ہے کہ مہربانی کر کے یہ جو چینی کا ڈاکہ ڈالا گیا، تین سو ارب روپے کا پاکستانی قوم کے اوپر جو ڈاکہ ڈالا گیا ہے، اس کی inquiry کرائی جائے کہ آیا وہ کون لوگ ہیں جنہوں نے یہ کہا تھا کہ یہ برآمد اور درآمد کرنی چاہیئے؟ یہ فیصلے کس کے ہیں؟ آج بھی آپ اس وقت Cabinet میں آپ یہ بات کر رہے ہیں کہ جی کس طرح سے چینی کو درآمد کیا جائے۔ تو میری آپ کے توسط سے یہ درخواست ہے، اور جس طرح سے میں نے پہلے کہا کہ اس وقت کراچی میں K-Electric کا جو issue ہے اس پہ براہِ مہربانی کوئی Ruling دیں یا اس issue کو کمیٹی میں بھیجیں کہ یہ پنجاب کی تو چھ، چھ، آٹھ گھنٹے کی بات ہو رہی ہے۔ میرے حلقے ابراہیم حیدری میں تین دن سے light نہیں ہے۔ ایسے ہی دوسری UCs میں جیسے UC صالح محمد، دوسری UCs ہیں ان میں آپ کو بتا سکتا ہوں، سات، سات، آٹھ، آٹھ دن سے بجلی نہیں ہے۔ اور اس کی basic وجہ کیا بتاتے ہیں؟ کہ ہماری یہاں پر اس قسم کی recovery نہیں ہے۔ تو جناب! کیا ہم K-Electric MPAs, MNAs کی

recovery کریں گے؟ تو یہ policy بنائیں۔ان کو چاہیئے کہ کوئی ایسا law لے کرآئیں جو چوری کر رہے ہیں یا جو بل نہیں ادا کر رہے ہیں، ان کے خلاف action لیا جائے، نہ کہ جو لوگ اپنی کمائی کے پیسے سے آپ کو بل دے رہے ہیں وہ بھی ان چوروں کے ساتھ suffer کر رہے ہوں تو خدارا حکومت پاکستان کو چاہیئے کہ اب کسی نہ کسی جگہ پہ تو نظر آئے کہ حکومت چل رہی ہے یا حکومت موجود ہے۔ ہر جگہ افواہیں، براہِ مہربانی حکومت آ کے ایک دفعہ policy statement دے اور ان افواہوں کو ختم کرے۔ بہت بہت شکریہ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ، امین الحق صاحب، on Point of Order۔

**سید امین الحق:** شکریہ جناب والا، میرا خیال ہے کہ میرے بھائی نے بات کی ہے اور کہا کہ شوشہ چھوڑا جا رہا ہے۔ بطور ایم کیو ایم پاکستان ان کی تمام باتوں کو endorse کرتی ہے اور آگے بڑھتی ہے، لیکن میں controversial پر نہیں جاؤں گا، اس لیے میں بات دوسری طرف کر رہا ہوں۔ یہاں پر M-5 بنانے کی بات کی گئی، Sukkur اور Hyderabad کے حوالے سے۔ بالکل، میں support کرتا ہوں، لیکن جناب والا! آپ کی توجہ پاکستان کی سب سے important transport artery کی طرف دلانا چاہتا ہوں، کراچی سے حیدر آباد، جسے ہم M-9 کہتے ہیں، motorway کہتے ہیں۔ Motorway کہنا motorway کی توہین ہے۔ ہم اسے motorway نہیں، بلکہ expressway کا نام دیتے ہیں، super highway کا نام دیتے ہیں۔

آپ یہ دیکھیں کہ پاکستان میں اگر سب سے زیادہ motorway پر کوئی traffic چلتی ہے تو کراچی سے حیدر آباد کے لیے چلتی ہے، یعنی M-9 پر چلتی ہے، اور اگر پورے پاکستان میں سب سے زیادہ toll tax کوئی جمع کر کے دیتا ہے تو M-9 ، یعنی کراچی اور حیدر آباد کے درمیان، payment کی جاتی ہے۔ لیکن افسوس کا مقام ہے کہ جہاں صوبائی حکومت ہمیں نظر انداز کرتی ہے، وہاں پر وفاقی حکومت بھی نظر انداز کرتی ہے کہ M-9 پر آئے روز accident ہو رہا ہوتا ہے۔ M-9 کے حالات خراب سے خراب تر ہوتے چلے جا رہے ہیں۔ جس بڑے پیمانے پر toll tax جمع کیا جاتا ہے، اس کے حوالے سے، اس پر کوئی بھی rehabilitation کا کام نہیں ہو رہا۔ اگر آپ second lane کو دیکھیں گے، third lane کو دیکھیں گے تو خراب سے خراب تر ہوتی چلی جا رہی ہیں۔ کبھی truck کا accident ہو جاتا ہے، کبھی گاڑیوں کا accident ہوتا ہے، اور اب تو ایک نئی چیز شروع ہو گئی ہے۔ آپ M-9 پر سفر کر رہے ہوں گے یا motorway پر، جسے وفاق نام دیتی ہے، اس پر سامنے سے traffic آ رہی ہوتی ہے اور اس پر ایک الگ accident ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔

میرا simple سا مطالبہ ہے، جناب والا، کیونکہ سب سے زیادہ toll tax کراچی M-9 دیتا ہے تو at least اس کی ترقی کے لیے، اس کی rehabilitation کے لیے لازمی طور پر Minister for Communications وفاقی حکومت فنڈز مختص کرے، تاکہ کراچی سے حیدر آباد اور interior Sindh جو لوگ جاتے ہیں، وہ اس سہولت سے فائدہ اٹھا سکیں۔ بہت شکریہ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، شکریہ۔ جٹ صاحب کا mike کھولیں۔

**جناب نثار احمد:** بہت بہت شکریہ ڈپٹی سپیکر صاحب۔ آپ کو معلوم ہے کہ اس وقت پاکستان مسائل میں گھرا ہوا ہے۔ Law and order ہو، دہشت گردی جیسے معاملات ہوں، آپ کی economy ہو، governance ہو، اس پہ بہت سارے سوالیہ نشان ہیں۔ مزدور آپ کا بے روزگار نہیں بلکہ بے گھر ہو چکا ہے۔ چھوٹی industry آپ کی تباہی کے دہانے پہ پہنچ گئی ہے۔ بڑی industry یہاں سے move کرنا چاہ رہی ہے۔ Insecurity دن بہ دن بڑھتی جا رہی ہے۔ اور کسان کا جو حال اس حکومت نے کیا ہے، اس کی مثال ماضی میں کبھی نہیں ملی کہ بڑھتی ہوئی قیمتوں نے، چاہے وہ بیج کی ہو، diesel کی ہو، کھاد کی ہو، اس سے جتنا دباؤ کا شکار کسان رہا ہے، اس وقت اس کا پرسان حال کوئی نہیں۔

بارہا کسان اتحاد اپنی رائے بھی دیتا ہے، وہ اپنی آواز بھی اٹھاتا ہے، لیکن بدقسمتی یہ ہے کہ حکومت سننے کو تیار نہیں ہے۔ اس سے زیادہ بدقسمتی ہماری کیا ہوگی کہ ماضی میں ہم نے چینی باہر بھیجی اور یہ یقین دہانی کرائی پورے پاکستان کو کہ ہم چینی کی قیمتوں میں اضافہ نہیں کریں گے، لیکن بدقسمتی سے جب آپ نے export کر دی، یہاں پر قیمتوں میں اضافہ ہو گیا۔ اب قیمتوں میں اضافہ ہو گیا، اب shortfall ہو گیا، اب دوبارہ آپ چینی import کر رہے ہیں کہ ہم نے عام انسان تک چینی پہنچانی ہے۔

تو چینی کی درآمد اور برآمد پر میں اس House سے مطالبہ کروں گا کہ اس کی immediate basis پر inquiry کریں، اور جن لوگوں نے یہ چینی کی درآمد اور برآمد میں جو گھپلا کیا ہے، جو corruption کی ہے، انہیں نشان عبرت بنایا جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت سنجیدگی سے کام کرے۔ حالات ایسے نہیں ہیں۔ دن بہ دن لوگوں میں غم و غصہ بڑھتا جا رہا ہے۔ روز نیا کوئی نہ کوئی شوشہ چھوڑتے ہیں اور ultimately اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ لوگوں کا ردعمل aggressive ہوتا ہے۔ تو لہٰذا لوگوں کے moral temperature کو کم کرنے کے لیے آپ اخلاقیات کے دائرے میں رہ کر عدالتوں کے فیصلوں کو تسلیم کریں، لوگوں کے مسائل حل کریں، نہ کہ آپ معاملات کو خراب کریں۔ بہت بہت شکریہ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ، حمید حسین صاحب، Point of Order مختصر رکھیں۔ بہت سارے نام ہیں۔

**جناب حمید حسین:** بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! جس طرح ملک کے حالات سب کے سامنے ہیں اور جو Law and Order کی situation ہے میں ادھر اپنے علاقے کی بات کرتا ہوں۔ اب اس وقت پورے علاقے کے جو حالات ہیں میرے علاقے میں Central Kurram ایک علاقہ ہے جس میں لاکھوں کی آبادی ہے۔ جناب سپیکر! بچے، بوڑھے، جوان ہیں، مال مویشی سارے تباہ ہو جاتے ہیں۔ تو جناب سپیکر! میری اس ایوان سے یہ التجاء ہے کہ خدا کے لیے، لیکن اس کا result جو ہم دیکھ رہے ہیں اور اب یہ جو علاقہ ہے، جناب سپیکر!۔۔۔۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ، تقریر تو نہیں ہوگی Point of Order پر، ثمینہ گھرکی صاحبہ، Point of Order پہ آپ کو موقع دیا، wind up کرنے کا۔ جی، حمید حسین صاحب کا mike کھولیں ہے۔

**جناب حمید حسین:** میرا ایک point ہے گورنمنٹ سے کہ ہمارے بہت سارے لوگ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ، ملک ابرار صاحب۔

**جناب ابرار احمد:** شکریہ جناب ڈپٹی سپیکر صاحب۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ میرا حلقہ Cantt کا area ہے۔ اور Rawalpindi Cantt کی آبادی تقریباً ساڑھے سات لاکھ سے زیادہ ہے، اور اس کے بلدیاتی 10 wards ہیں۔ ایک وارڈ ساٹھ، پینسٹھ ہزار پر مشتمل ہے۔ سر! میں Minister صاحب، Secretary Defence اور DG ML&C سے ایوان کے توسط سے گزارش کرتا ہوں کہ اس پر legislation کرکے wards بڑھائے جائیں۔ آبادی اتنی زیادہ ہے۔ سر! ایک کونسلر ہوتا ہے Cantonment Board کا، تو وہ 70 ,65 ہزار لوگوں کی آبادی کو کس طرح انصاف دے سکے گا؟ عوام کی وہاں رسائی بہت کم ہوتی ہے۔

یہ بہت اہم matter ہے۔ میں گزارش کروں گا کہ اس پر فوری committee بنائی جائے جو اس کو دیکھے اور اس کے بعد اس پر فیصلہ ہو اور اس کے بعد elections ہوں۔ یہ بہت اہم بات ہے۔ جہاں آبادی کی بات کرتے ہیں کہ آبادی زیادہ ہو گئی ہے، public تک رسائی نہیں ہے، تو Cantonment Board Rawalpindi Cantt کی آبادی بہت زیادہ ہے۔

میں دوبارہ گزارش کروں گا اس پر ایک committee بنی چاہیئے۔ Secretary صاحب، Minister صاحب اور ہمارے Law Minister بھی اس میں بیٹھیں اور اس کا کوئی فیصلہ کریں تاکہ اس میں بہتری آئے۔ Railway Minister صاحب بھی اس میں اگر کردار ادا کریں تو میں ان کا بھی شکریہ ادا کروں گا۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ جمال شاہ کاکڑ صاحب۔

**حاجی جمال شاہ کاکڑ:** بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ شکریہ، جناب سپیکر! بلوچستان میں ایک ہی بڑا شہر کوئٹہ ہے، جو صوبائی Capital بھی ہے اور 30 to 28 لاکھ آبادی کا شہر ہے۔ میرا حلقہ بھی وہاں ہے۔ روزگار نہیں ہے وہاں پہ، borders اور roads بند ہیں۔ حنیف عباسی صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، کبھی وہاں سے سات، آٹھ trains چلتی تھیں، ابھی ایک train بھی نہیں چلتی ہے۔ میری حنیف عباسی صاحب سے گزارش ہے کہ Bolan Mail اور Jaffar Express کو daily بنیادوں پر شروع کیا جائے۔

جناب سپیکر! ہمارے راستے بند ہیں، train بند ہے۔ تو ایک ہی ذریعہ airline کا ہے اور 25 ہزار کا ٹکٹ 1 لاکھ تک فروخت کرتے ہیں۔ جب میں دوستوں سے بات کرتا ہوں تو کہتے ہیں کہ demand and supply ۔ کیا کوئی law ہے؟

یہاں پہ flour mill بھی ہے، sugar mill بھی ہے، جس پہ check and balance ہے، petrol کی بھی demand supply زیادہ ہے، تو پھر sugar mill والوں کو بھی کھلی چھٹی دے دیں کہ جتنی demand ہے، rate اپنے طور پر fix کریں۔ Flour mills کو بھی سب سے زیادہ ضرورت آٹے کی ہے، لیکن یہ 25 ہزار کا ٹکٹ 1 لاکھ میں دیتے ہیں۔

جناب سپیکر! جتنے بھی بلوچستان کے truck owners ہیں جو معیشت کا پہیہ چلاتے ہیں اور پورے پاکستان کے لیے coal اور fruit supply کرتے ہیں، سب سے زیادہ police ان کو تنگ کرتی ہے، پنجاب اور سندھ کے border پہ۔ یہی دو راستے ہیں پنجاب یا سندھ کے لیے، لیکن جوں ہی وہ border cross کرتے ہیں۔

پچھلے دنوں بواٹہ پر ایک driver نے خود سوزی کی police کے رویے کی وجہ سے۔ طلال چوہدری صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں۔ Punjab Police اور Sindh Police کو تنبیہ کی جائے کہ ان truck drivers کو اتنا تنگ نہ کریں کہ وہ suicide کرنے پر مجبور ہو جائیں۔

یہ چند گزارشات تھیں۔ بجلی کی صورت حال یہ ہے کہ پشتون آباد، جو میرا حلقہ ہے، وہاں آٹھ گھنٹے load shedding ہوتی ہے۔ تو میں حکومت سے request کرتا ہوں کہ کوئٹہ میں بجلی کے feeders اور تاریں خستہ حال ہیں، ان کے لیے ایک package دیا جائے تاکہ عوام کی بجلی کا مسئلہ بھی حل ہو جائے۔ بہت مہربانی۔

**جناب ڈپٹی سپیکر :** شکریہ۔ جمال احسن صاحب، on Point of Order۔

**جناب محمد جمال احسن خان :** شکریہ، جناب ڈپٹی سپیکر ! سب سے پہلے میں بات کرنا چاہوں گا کہ پچھلے دنوں Supreme Court نے عمران خان کا علاج شفاء ہسپتال میں کروانے کے لیے حکم دیا تھا اور پھر اس حکم کو جس طریقے سے حکومت نے ہوا میں اڑایا، اس کی ہم شدید مذمت کرتے ہیں اور یہ نہیں ہونا چاہیئے۔ عمران خان اس ملک کے Prime Minister رہے ہیں۔ ان کے ساتھ اس طرح کا رویہ ہرگز قابل قبول نہیں ہے۔

(اذان ظہر)

**جناب ڈپٹی سپیکر:** آپ کا point آ گیا، microphone کھولیں۔ Wind up کریں۔

**جناب محمد جمال احسن خان:** جناب ڈپٹی سپیکر! میں Assembly کے Floor پر اپنے حلقہ کے مسائل کا بارہا ذکر کرتا رہا، لیکن آج تک کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔

ہمارا ایک گاؤں محمد شریف والی ہے، دریائے سندھ نے اس کی 14 ہزار kanal زمین نگل لی ہے۔ اس پر میں نے Deputy Commissioner, Commissioner صاحب، PDMA کو letters لکھے۔ حتیٰ کہ میں نے Speaker صاحب کو بھی خطوط لکھے کہ آپ ہماری مدد کریں، لیکن کوئی سننے کو تیار نہیں۔ اب ہمیں سمجھ نہیں آتی کہ ایسا کون سا forum ہے جس پر ہم اپنی آواز اٹھائیں اور اس علاقے کو پانی سے بچائیں۔

سر! میانوالی میں آپ کو پتہ ہے نمک اور coal کی کانیں ہیں۔ وہاں پہ جو مزدوروں کے لیے حفاظتی اقدامات ہونے چاہییں تو وہاں پر PDMA کی طرف سے ایسے کوئی اقدامات نہیں کیے جاتے، جس کی وجہ سے چند دن پہلے ہمارا ایک 18 سال کا نوجوان ضامن عباس شاہ اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھا، ماں باپ کا اکیلا بیٹا تھا اور آئے روز وہاں پہ لوگ زخمی ہو رہے ہیں اور وفات بھی پا رہے ہیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** آپ کا point آ گیا۔ Wind up کریں۔

**جناب محمد جمال احسن خان:** دو منٹ دے دیں سر۔ Wind up کرتا ہوں۔

میرے علاقے میں education کا جو حال کیا جا رہا ہے اور میں نے education پر بارہا مرتبہ بات کی۔ ہمارے colleges میں اس وقت بھی 95 فیصد lecturers حضرات نہیں ہیں۔ ہمارے مسائل پر توجہ نہیں دی جا رہی۔ ہمارے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کیا جا رہا ہے۔ 14 اگست پاکستان میں ہر کوئی بڑی خوشی سے مناتا ہے۔ میانوالی میں ہمیں 14 اگست منانے کی بھی اجازت نہیں ہے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ آپ کے بہت سارے points آ گئے۔ اسد عالم نیازی صاحب، on Point of Order۔

**جناب اسد عالم نیازی:** Thank you very much۔ جناب سپیکر صاحب! میں Government کی policies کے بارے میں بات کرنا چاہوں گا۔ Sir! We are just working on day to day basis and ہم کہتے ہیں کہ آج کا دن گزر گیا ہے تو ٹھیک ہے، لیکن کوئی policy نہیں ہے۔ میں تھوڑے سے figures دینا چاہوں گا honourable Members کو، جو sugar پر generally بات کرتے ہیں، کسی نے figures نہیں دیے۔

Last year Government نے TCP کو یہ کہا کہ سات لاکھ پچاس ہزار tons آپ sugar export کریں۔ جب انہوں نے export کی تو اس کی قیمت 50 روپے بڑھ گئی۔ اس کے بعد Government نے TCP کو کہا کہ آپ تین لاکھ tons ابھی import کریں۔ جب انہوں نے import کی تو private sector کو اجازت نہیں دی گئی اور صرف TCP کو اجازت دی گئی۔ جس کا یہ ہوا کہ سر! TCP نے sugar 40 dollar مہنگی خریدی اور اس کے بعد وہ بک نہیں رہی تھی اور سر! میرے حلقے میں I am just talking کہ انہوں نے FIA, IB ان کو use کیا اور کہا کہ آپ خریدیں وہ پھر بھی نہیں خریدی لوگوں نے۔ آج اس کو TCP دوبارہ re-export کر رہا ہے۔ سر! یہ کتنا بڑا ظلم ہے اس عوام کے ساتھ؟

دوسری جو سب سے بڑی بات ہے ہم نے بالکل cotton کی crop کو ختم کر دیا ہے۔ سر! ایک وقت تھا 2000 میں جب 1 million bales ہوا کرتی تھیں اور انڈیا بھی کرتا تھا آج ہم 2.5 پر ہیں اور انڈیا جو ہے وہ 30 million تک چلا گیا ہے۔ تو سر! ہم agriculture based country ہیں اور کاٹن کے بارے میں کوئی policy نہیں ہے۔ اور آخر میں سر! بہت honourable Member جو ہمارے کراچی کے ممبر نے بات کی، سر! میں نے last time بھی بات کی تھی K-Electric کے تعلق کہ اس کو

committee میں بھیجیں،اس وقت بھی 16,16 گھنٹے load shedding ہے اور میری request ہے کہ آپ کی طرف سے ایک order جانا چاہیئے، یہ پرسوں عید میلاد النبی ہے اور کراچی میں یہ load shedding atleast ایک دن کے لیے نہیں ہونی چاہیئے۔ بہت مہربانی۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ مبارک زیب صاحب۔

**معاون خصوصی برائے وزیر اعظم (جناب مبارک زیب):** بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ شکریہ، جناب ڈپٹی سپیکر! ہزاروں قبائیلوں کے شناختی کارڈز بلاک ہیں۔ شناختی کارڈ بلاک ہونے کا مطلب ایک خاندان کی زندگی رُک جانا ہے۔ ان کے بچے school نہیں جا سکتے، مریض علاج نہیں کرا سکتا، bank account بند، خرید و فروخت بند، اندرونی بیرونی سفر بند، حتیٰ کہ روزگار بھی بند ہو جاتا ہے اور پھر ایسی policy بنائی گئی ہے کہ خود کو پاکستانی سمجھنا ثابت کرنا ناممکن ہے۔ وزارت داخلہ سے درخواست ہے کہ بلاک شدہ شناختی کارڈز کے لیے policy پر نظر ثانی کریں۔ میں حکومت سے اپیل کرتا ہوں کہ غیر قانونی افراد کے خلاف ضرور کارروائی کریں۔ لیکن پاکستانی شہریوں کو مزید ذلیل نہ کیا جائے۔ قبائیلوں کے blocked شناختی کارڈز بحال کیے جائیں۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ہدایت کی جائے کہ کسی پاکستانی کو صرف پختون ہونے کی وجہ سے مشکوک نہ سمجھا جائے۔ شکریہ، سپیکر صاحب۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی شکریہ۔ ڈاکٹر امجد علی صاحب۔

**جناب امجد علی خان:** شکریہ، جناب ڈپٹی سپیکر! میں 3 points پہ بات کروں گا۔ سب سے پہلے جو سب سے بڑا مسئلہ ہے ہمارے حلقے کا اور پھر خاص طور سوات اور ملاکنڈ Division کا، وہ مسئلہ ہے امن و امان کا۔ جب وہاں پہ پہلا حملہ ہوا تو یہاں پہ Parliament کے Floor پہ میں نے اس مسئلے کو اٹھایا، اس میں جانی نقصان نہیں ہوا تھا۔ اس کے بعد جب دوسرا حملہ ہوا جناب ڈپٹی سپیکر صاحب، تو اس میں 3 شہادتیں ہوئیں۔ لیکن پھر بھی یہاں پہ کسی نے اس مسئلے پہ meeting نہیں بلائی۔ اور جب آخر میں خودکش حملہ وہاں پہ ہوا تو اس میں 17 شہادتیں ہوئیں۔ جناب ڈپٹی سپیکر! میں نے پہلے بھی بار بار Parliament کے Floor پر امن و امان کے حوالے سے بات کی ہے کہ خدارا National Action Plan پہ in House یا in camera briefing Parliament کے ممبران کو دی جائے اور یہ determine کیا جائے کہ National Action Plan پہ آج تک عمل کتنا ہوا اور اس پہ کتنا عمل کرنا چاہیئے تاکہ امن و امان کا یہ مسئلہ حل ہو۔

دوسرا بہت اہم مسئلہ یہ ہے کہ ایک mountaineer جس کا تعلق میرے حلقے سے تھا وہ آج سے 2 مہینے پہلے لاپتہ ہوا ہے کالام سے اوپر ایک پہاڑی میں جہاں پیدل جاتے ہوئے تقریباً وہاں پہ 5 گھنٹے لگتے ہیں اور آج تک اس کی لاش نہیں ملی۔ اس کے مقابلے میں گلگت میں 5 mountaineers کے ساتھ وہاں پہ exactly same حادثہ ان کے ساتھ ہوا تھا۔ لیکن Government نے اتنی دلچسپی لی اور ان کی لاشوں کو recover کیا کہ 3 دنوں کے اندر اندر ان کی لاشیں مل گئیں۔ میں نے NDMA اور جتنے بھی relevant ادارے ہیں ان کے

ساتھ رابطہ کیا، میں نے ان کو منت کی کہ خدارا اپنے شہریوں کی بھی اسی طریقے سے care کیا کریں جس طریقے سے آپ foreigners کی یہاں پہ care کیا کرتے ہیں۔ تو میں آپ کی وساطت سے کائنڈلی اس پہ ruling دیں اور ان کو ہدایات جاری کریں کہ NDMA والوں نے جس طرح اور لاشیں برآمد کی ہیں اسی طریقے سے اس لاش کو بھی recover کریں۔

آخر میں tax کے حوالے سے بات کروں گا، tax exemption یا tax relaxation جو ہمیں ملی تھی مالاکنڈ Division کو، وہ 1937 سے صرف special status کی وجہ سے ہمیں ملی تھی۔ ہمارے حلقے میں development کے indicators وہ نہیں تھے جو باقی پاکستان کے تھے اسی وجہ سے وہاں کے لوگ tax سے exempted تھے۔ پھر انہوں نے آج سے ایک سال پہلے tax کو لاگو کیا صرف imports پہ اور اس کے بعد اسی سال انہوں نے tax کو لاگو کیا۔ اگر آپ دیکھیں وہاں پہ industries, نہیں ہیں۔ وہاں پہ employment, نہیں ہے۔ وہاں پہ غربت ہے۔ ان ساری چیزیں کے indicators باقی پاکستان کی بہ نسبت بہت خراب ہیں تو kindly اسی tax exemption کو کریں جس طرح صوبائی حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ شکریہ نعیمہ کشور صاحبہ۔ بس ہو گیا ناں اب 6,6 points تو آپ نہ اٹھائیں Point of Order پہ پلیز۔ اب اور بہت سارے آپ ہی کی پارٹی کے نام ہیں۔ محترمہ نعیمہ کشور خان۔

**محترمہ نعیمہ کشور خان:** شکریہ جناب ڈپٹی سپیکر! بہت سے issues ہم Point of Order پہ یہاں اٹھاتے ہیں۔ ہم نے ایک Call Attention Notice جمع کرائی تھی کہ خیبر پختونخوا میں اور خاص کر مردان میں سوئی گیس کی load shedding ہو رہی ہے۔ منسٹر صاحب نے یہاں پہ کھڑے ہو کے surety دی تھی کہ وزیراعظم کی ہدایت کے مطابق صبح 5 بجے سے رات 10 بجے تک کوئی load shedding نہیں ہو گی۔ پھر انہوں نے کہا کہ چونکہ جنگی حالات ہیں، جیسے ہی ایران کے حالات normal ہو جائیں گے تو ہم load shedding بالکل ختم کر دیں گے۔ میری request ہو گی کہ اس کو Assurance Committee میں بھیج دیں کیونکہ منسٹر نے یہاں کھڑے ہو کے ہمیں ensure کیا تھا surety دی تھی کہ رات 10 بجے تک گھریلو صارفین کے لیے سوئی گیس کی کوئی load shedding نہیں ہو گی۔ اب اتنی زیادہ load shedding کیوں ہے؟ اس کے لیے کہ جو گھریلو صارفین کو نہیں provide کی جا رہی۔

یہی حال بجلی کا ہے کہ 12 گھنٹے نہیں 24،24 گھنٹے کیا کہ 20،20 گھنٹے تک بجلی کی load shedding اس گرمی میں سارے سال رہی ہے، کوئی time schedule تو دے دیں کہ اس schedule کے مطابق ہم load shedding کریں گے۔ اگر کنڈا کلچر ہے، اگر line losses ہیں تو وہ بھی حکومت کی ذمہ داری مجھے تو افسوس ہو رہا ہے کہ یہاں پہ مشیر صاحبان کھڑے ہو کے کہہ رہے ہیں کہ یہ ظلم کیوں کر رہے ہیں؟ تو ذرا بتائیں کون کر رہا ہے؟ یہاں پہ ابھی پارلیمانی سیکرٹری نے بات کی، ابھی ایک مشیر نے بات کی کہ شناختی کارڈ block ہو رہے ہیں، یہ کس سے مطالبہ کر رہے ہیں؟ کیوں کر رہے ہیں؟ اگر مشیر یہاں پہ کھڑے ہو کے یہ بات کر رہے ہیں، اگر پارلیمانی سیکرٹری جو خود حکومت کا حصہ ہے وہ

کہہ رہے ہیں کہ ظلم نہ کریں یہ زیادتی ہے تو پھر یہ مطالبہ پتہ نہیں ہم نے کس سے کرنا ہے؟ تو ہمیں بھی کوئی راستہ بتادیں کہ ہم پھر کس سے مطالبہ کریں؟

جناب ڈپٹی سپیکر! یہ ایک اہم issue ہے کہ جو بجلی اور سوئی گیس کی load shedding مسلسل جاری ہے اور بہت ناروا سلوک ہے کوئی schedule بھی نہیں ہے جبکہ منسٹر صاحبان یہاں پہ کہہ رہے ہیں کہ ہم کوئی load shedding نہیں کریں گے گیس کی۔ تو میری request ہو گی کہ اس کو Assurance Committee میں بھیجیں کہ جب Floor پہ ہمیں surety دی جارہی ہے کہ نہیں ہو گی تو پھر حلقوں میں جب جاتے ہیں سارے ممبران ادھر پھر load shedding کیوں ہے؟ اور جو شناختی کارڈ block کیے ہیں وہ مہینوں مہینوں block ہو جاتے ہیں پھر ان کے account بھی block ہو جاتے ہیں سب کچھ block ہو جاتا ہے کاروبار وغیرہ تو kindly اس پہ بھی حکومت کو action لینا چاہیئے ہماری نہیں تو کم از کم اپنے جو مشیر اور منسٹر ہیں ان کی سن لیں اور ان آفات پہ قابو پائیں۔ شکریہ جناب سپیکر۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ اختیار بیگ صاحب۔

**مرزا اختیار بیگ:** شکریہ، سپیکر صاحب! ہمارے آنریبل ممبر منور تالپور صاحب نے session کی beginning میں ایک واقعہ بتلایا تھا جس میں انہوں نے کہا تھا کہ Karachi airport پہ washrooms کی حالت بہت خراب ہے اور وہاں پہ پانی کے ٹب رکھے ہوئے ہیں۔ اس سلسلے میں اتفاق سے میں جب کراچی جارہا تھا دوسرے دن۔ تو Secretary Defence, Lt. Gen. (R) Muhammad Ali Sahib اور ان کے Additional Secretary, Major Gen. Qaisar Suleman نے airport پہ ایک briefing arrange کرائی تھی اور یہ میری ذمہ داری ہے کہ اس کی روشنی میں، میں ایوان کو آگاہ کروں کہ وہ واقعہ ایک sewerage line burst ہونے کا تھا۔ جو دو یا تین گھنٹے میں دوبارہ repair کر دی گئی تھی کیونکہ یہ 40 سال پرانی لائنیں ہیں۔

لیکن میری information کے مطابق جو نیا کام ہو رہا ہے اور واش رومز جو دکھائے گئے ہیں یا lounges میں جو MNAs وغیرہ کے لیے ہم استعمال کر سکیں گے وہ بالکل ایک five star hotel کی طرح بہترین کام ہے۔ میں سمجھتا ہوں اس کی completion تقریباً ستمبر 2027 تک مکمل ہو جائے گی۔ یہ سر! ایک چیز تھی اور اس کے ساتھ ہی جو چیز important ہے کہ ایک sugar پہ بات ہوئی۔

میں Standing Committee on Commerce کا Member ہوں اور ایک Special Committee بنائی گئی تھی میں convener تھا، فاضل Members تھے اور ہم نے پوری تحقیق اور اس کی پوری inquiry کی تھی۔ End میں ایک ہی چیز سامنے آئی اور وہ یہ تھی کہ de-regulation of sugar sector by the Government of Pakistan, حکومت کا کام ہی نہیں ہے import, export کرنا۔ غلط inventory بتاتے ہیں sugar association manipulate کرتی ہے اور

یہی سب چیزیں ہو رہی ہیں جو آج میرے ساتھی ذکر کر رہے ہیں کہ import ہو رہی ہے پھر export ہو رہی ہے۔ Tax merge کرائے گئے ہیں اور پھر بھی مہنگی شکر تھی جو 200 روپے فی کلو سے اوپر چلی گئی تھی۔

تو اس میں de-regulation of sugar sector, وزیر اعظم تک یہ بات پہنچی ہے، he seems to be interested تو ان تمام شکایتوں کا ایک ہی حل ہے اور وہ ہے کہ regulations ایسے بنائیں کہ جس میں حکومت اس سے نکل جائے۔ حکومت کا کام ہی نہیں ہے۔ TCP import کرے اور TCP ہی export کرے۔ میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے ٹائم دیا۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ Arshad Abdullah Vohra Sahib on Point of Order.

**جناب ارشد عبداللہ وہرہ:** شکریہ جناب ڈپٹی سپیکر صاحب۔ جناب ڈپٹی سپیکر! K-Electric کا issue یہاں ایوان میں میرے دوستوں اور آغا رفیع اللہ نے بات کی۔ بالکل یہ fact ہے جو انہوں نے کہا کہ ان کی constituency میں۔ اسی طریقے سے میری constituency میں بھی یہ 10 اور 12 گھنٹے نہیں، تین، تین دن تک یہ load shedding کرتے ہیں۔ تین دن تک light نہیں ہوتی، علاقے کے لوگ پریشان ہو جاتے ہیں اور K-Electric بالکل بے لگام ہو چکی ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ NEPRA کے یا تو اختیارات کو بڑھانا چاہیئے۔ NEPRA اس کو پابند کرے اور ان کا consumer system manual ہے، جو اجازت نہیں دیتا ہے K-Electric کو 10 گھنٹے سے زیادہ کی load shedding ہو۔ اس کے باوجود یہ تین، تین دن کی load shedding کر رہے ہیں۔ تو اس پہ NEPRA کو پابند کیا جائے کہ K-Electric کے خلاف سخت action لے، Instead of giving them 82 billion rupees subsidy.

دوسرا اہم نکتہ میرا K-IV پہ ہے مسٹر سپیکر! دیکھیں K-IV پہ بڑی محنت سے اب تقریباً دسمبر 2026 میں یا ایک آدھ مہینہ اور اوپر ہو گا۔ K-IV کا یہ project مکمل ہو جائے گا۔ ہم کئی سال سے کہتے تھے کہ یہ جو 650 million gallon پانی آنا ہے۔ پہلے کراچی کو 62 million gallon پانی آرہا تھا اب یہ almost double ہو جائے گا۔ پہلے جو پانی آرہا ہے اس میں بھی آپ کے علم میں اچھی طرح ہے کہ وہاں پر tanker mafia بہت strong ہے اور tankers سے پانی آتا ہے۔

اب یہ 650 MG جو کہ دسمبر میں آجائے گا۔ اس کے لیے augmentation کا کام ابھی تک شروع ہی نہیں ہوا۔ اس کے لیے World Bank نے 500 million dollar وہ Sindh Government کو دیے تھے۔ ابھی پچھلے دنوں جب ہم نے Sindh Government سے پوچھا کہ اس کا status کیا ہے؟ تو Planning and Development نے بتایا کہ 2029ء میں ہم augmentation کریں گے۔ 2026 دسمبر میں پانی تو آجائے گا۔ Augmentation وہ کہہ رہے ہیں ہم 2029ء میں کریں گے۔ تو سر! اس پر کوئی اہم notice لینا چاہیئے اور ہدایت کرنی چاہیئے کہ اس کام کو بھی speed up کیا جائے۔ شکریہ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ جی، غلام محمد صاحب۔

**جناب غلام محمد:** بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ الصلوۃ والسلام علیک یاسیدی یارسول اللہ۔

جناب والا! یہ جو ابھی ہمارے ایوان میں sugarcane کے اوپر بات ہو رہی ہے۔ عزت مآب! یہ ایک زراعت میں کچھ تھوڑا بہت بچا تھا جس سے پچھلے سال زمیندار کو کچھ اس کا فائدہ ہوا ہے، کچھ اس کی تھوڑی بہت ہی قیمت وصول ہوئی ہے۔ اور اس پہ جو حکومت کر رہی ہے یہ سمجھ سے بالاتر ہے کہ آپ نے ساڑھے سات لاکھ ٹن ملک سے چینی export کرنے کی اجازت دے دی۔ اس کے بعد ملک کے اندر چینی کی قیمت میں اضافہ ہوا۔ تو سرکار نے فیصلہ فرمایا کہ اب چینی واپس ملک میں import کی جائے گی۔

تین لاکھ ٹن چینی TCP کے through، کسی private ادارے کو اجازت نہیں دی گئی۔ TCP کے through تین لاکھ ٹن چینی ملک میں دوبارہ منگوائی گئی۔ میں آپ کی توجہ چاہوں گا جناب والا! اس میں ایک عجیب منطق ہے۔ وہ 40 ڈالر، اس کو ابھی آپ روپے میں بنائیں گے تو کتنا بنے گا؟ دیکھ لیں گے۔ 40 ڈالر عالمی مارکیٹ سے وہ مہنگی خریدی گئی۔

اب یہاں ملک میں اتنی مہنگی چینی تھی خریدار کوئی نہیں تھا۔ اب کیا ہوا ہے جی؟ اب انہوں نے جو فیصلہ فرمایا ہے کہ اس چینی کو دوبارہ ملک سے اس کو export کیا جائے۔

اب اتنی مہنگی چینی خدا معلوم یہ کیا کر رہے ہیں سر۔ زمیندار کا تو انہوں نے جینا حرام کر دیا ہے۔ کسی فصل کی قیمت زمیندار کو نہیں مل رہی۔ جو فصل تیار ہوتا ہے وہ مارکیٹ میں جا کے اونے پونے داموں بک جاتا ہے۔ آپ جس فصل کا کہیں گے آپ check کروالیں، زمیندار کو تو کسی فصل کا کوئی معاوضہ مل ہی نہیں رہا۔ مجھے تو ایک ڈر لگ گیا ہے جو یہ معاملات میں آپ کے حضور پیش کر رہا ہوں۔ خدا معلوم انہوں نے اگلے سال گنے کے ساتھ کیا کرنا ہے؟ ڈیزل بے پناہ مہنگا ہے، کھادیں بھی بے پناہ مہنگی ہیں۔ زمیندار کا تو انہوں نے سانس لینا مشکل کر دیا ہے۔

جناب والا! میں ایک اور آپ کی خدمت میں اپنے علاقے کی عرض کروں۔ ہمارے علاقے سے چناب دریا گزرتا ہے۔ اس دفعہ سیلاب تو کم آیا۔ لیکن سیلاب سے جو نقصان ہوتا ہے، فصلیں خراب ہوتی ہیں، گھر خراب ہوتے ہیں۔ لیکن اس دفعہ دریا نے بے پناہ کٹاؤ کیا ہے اور لوگوں کی زمینیں دریا کے اندر چلی گئی ہیں۔ دریا بُرد ہو گئی ہیں اور وہ بے گھر ہو گئے ہیں۔

میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا آپ بھی سن رہے ہیں مہربانی فرمائیں وہاں پہ کوئی ایسا انتظام کریں کہ یہ لوگ زندہ رہنے کے قابل ہو جائیں، ان کی زمینیں بچ جائیں۔

عزت مآب! میں زراعت کے حوالے سے آپ کے حضور آخری عرض یہ کروں گا کہ خدا کا واسطہ ہے، اس زمیندار کو زندہ رہنے دیں، سانس لینے دیں۔ بہت مہربانی۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ Shahida Rehmani Sahiba on Point of Order.

**محترمہ شاہدہ رحمانی:** بہت شکریہ ڈپٹی سپیکر صاحب۔میں آج اس ایوان میں ایک عورت کے قتل کے لیے بات کرنے نہیں کھڑی ہوئی ہوں۔میں آج اس سوال کے ساتھ کھڑی ہوں کہ پاکستان کی ایک بیٹی،ایک ماں،ایک بیوی،ایک شہری،شہر میں کام کرنے والی خاتون ہو یا گھروں میں کام کرنے والی خاتون ہو یا دیہاتوں میں کام کرنے والی خاتون ہو۔آخر کتنی بار مارے جانے کے بعد ہماری ریاست،ہمارا معاشرہ،ہمارا نظام انصاف جاگے گا۔

ابھی حالیہ دنوں میں آپ نے دیکھا کہ حناء جاوید جو کہ ہماری اسمبلی میں ہی میڈیا سے منسلک تھی۔ان کا جس طریقے سے گھریلو تشدد کے دوران قتل ہوا۔اس کے ساتھ ہی رات کو ایک اور المناک خبر آئی کہ ایک پانچ سالہ بچی آیت نور ہری پور میں 15 دن سے غائب تھی۔اس کو ریپ کرنے کے بعد اسے قتل کر دیا گیااوراس کی لاش کو کنویں میں پھینک دیا گیا۔

ہمارے ملک میں کبھی ڈیڑھ سال کی بچی، کبھی پانچ سال کی بچی اس مہینے کے اندر اتنے سارے واقعات سے ہم اپنی بچیوں کی کس طرح سے حفاظت کریں۔جب گھر کے اندر بیٹھے ہوئے لوگ،ساتھ میں چلنے والے لوگ اس طریقے سے معصوم بچیوں کے ساتھ،خواتین کے ساتھ،گھریلو تشدد کے واقعات دیکھیں گے۔کس طرح سے جو حناء جاوید ہے اس کے منہ میں کپڑا ٹھوسا گیا،ہاتھوں کو باندھا گیا۔جواس کی medical reports آئی ہے۔اس رپورٹ کے اندر بھی اس کی گردن کی ہڈی بھی ٹوٹی ہوئی ہے۔اس کی متعدد ہڈیاں وہ توڑ دی گئی ہیں۔لیکن اس کے بعد بھی آپ یہ دیکھیں،اِس ایوان کے سامنے میں صرف ایک بات کرنا چاہتی ہوں کہ اسے جس طریقے سے تشدد کا نشانہ بنایا جارہا ہے،جس طرح ادارے بنائے جارہے ہیں،ہم قانون سازیاں بھی کر رہے ہیں،لیکن اس کے باوجود جو ادارے بن رہے ہیں کیا ان کی کارکردگی سوالیہ نشان نہیں ہے؟ کیا اس لیے ادارے بنتے ہیں کہ ان کی posting ہوجائے؟ان کی promotion ہوجائے؟ان کو perks and privileges ملیں؟میں سمجھتی ہوں اس طرح کے واقعات کے بعد ہمیں ان کی کارکردگی بالکل صفر نظر آرہی ہے۔آپ سوچیں کہ ایک NUST University کا professor، کل میں نے ایک video دیکھی،وہ جو lecture دے رہا ہے تو اس کے اندر وہ یہ بات کر رہا ہے کہ اگر کوئی شوہر اپنی بیوی کو قتل کردے تو اس کی وجوہات کیا ہوں گی؟تو وہ ایک University میں کیسے پڑھا رہا ہے؟ HEC اس پہ notice کیوں نہیں لے رہی ہے؟اگر یہ ذہنیت،اس طرح کی چیزیں ہوں گی تو اس طرح کے واقعات روز ہوں گے۔ہم ہر جگہ اس طرح کے واقعات کو دیکھ رہے ہیں اور دیکھتے رہیں گے۔کب تک ہم دیکھیں گے؟

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔

**محترمہ شاہدہ رحمانی:** جناب سپیکر! بات کرنے دیں،اتنا اہم issue ہے،پورا ملک اس کے اوپر سراپا احتجاج ہے۔اگر عورتوں کی آواز اس طرح دبانی ہے تو میں بالکل بات نہیں کرتی،میں جارہی ہوں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** ڈاکٹر مہیش ملانی صاحب۔

**ڈاکٹر مہیش کمار ملانی:** جناب ڈپٹی سپیکر! آپ نے مجھے Point of Order پر بات کرنے کا موقع دیا۔

(مداخلت)

**جناب ڈپٹی سپیکر:** میں نے تو ان کا mic نہیں بند کیا۔ اگر وہ نہیں بات کرنا چاہتیں تو وہ honourable Member کی اپنی صوابدید ہے۔ ڈاکٹر صاحب! ایک منٹ تشریف رکھیں۔ وہ wind up کرنا چاہ رہی ہیں۔

**محترمہ شاہدہ رحمانی:** سر! میں نے تو صرف احتجاجاً آپ سے کہا تھا، آپ نے فوراً کہہ دیا۔ ہم صرف اس کی بات نہیں کر رہے، اسلام میں بھی عورتوں اور انسانی جان پر تشدد کو حرام قرار دیا گیا ہے۔ وہ کونسا حق ہے جو مردوں کو حاصل ہے کہ وہ عورت کو تشدد کا نشانہ بھی بنائیں، عورت کو غیرت کے نام پہ بھی قتل کریں، یہ کونسا خاندانی نظام ہے جس میں عورت کا خاموش رہنا عزت سمجھا جائے اور اسی طرح اسلام میں غیرت کے نام پہ بھی کوئی قتل نہیں ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی سنت میں بتایا کہ عورت یا کسی خادم کو نہ مارا جائے بلکہ قرآن کی آیت ہے کہ اگر عورت غلطی کی بھی مرتکب ہوتی ہے تو اس کو مارا نہ جائے۔ ہمارے ہاں نہ تو عورت پر تشدد ثقافت ہے، نہ غیرت ہے، نہ دین ہے اور نہ قانون ہے، یہ تو ظلم ہے۔ آئینِ پاکستان میں بھی یہ لکھا ہوا ہے، آئینِ پاکستان کا Article 9 کہتا ہے کہ کسی شخص کو بھی زندگی آزادی سے قانون کے مطابق گزارنی چاہیئے۔ Article 14 انسان کی عزت اور وقار کو ناقابل پامالی قرار دیتا ہے۔ لہذا، جب کسی عورت کو تشدد کا نشانہ بنایا جاتا ہے تو اس کی عزت پامال کی جاتی ہے۔ ہمارے پاس قانون بھی ہے۔ پاکستان نے انسدادِ عصمت دری، rape law، تفتیشِ مقدمات کا قانون 2021 میں منظور کیا۔ خصوصی عدالتوں میں، خصوصی استغاثہ کا طریقہ کار بھی جنسی تشدد میں مؤثر انصاف کے لیے فراہم کیا جائے۔ لیکن سزا کیوں نہیں ہو رہی؟ میں سمجھتی ہوں کہ اس کو ہمیں Anti-Terrorism میں لے کے آنا چاہیئے تاکہ ان کو عبرت کا نشان بنایا جائے جو اس طرح کے بہیمانہ ظلم کرتے ہیں، تشدد کرتے ہیں۔ یہ میری آواز نہیں، یہ میرا احتجاج ہے اور میں سمجھتی ہوں کہ ہر ایک خاتون جو یہاں بیٹھی ہیں ان کا یہ مطالبہ ہے۔

اسی طرح میرا مطالبہ ہے کہ حناء جاوید کے مقدمے کی مکمل، شفاف، غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائے، جس طرح کل Speaker صاحب نے notice بھی لیا۔ Speaker صاحب کی میں مشکور ہوں کہ انہوں نے کل اس پہ ہمارے کردار کو بھی سراہا اور انہوں نے notice لیتے ہوئے اسمبلی کی committees کو بھی پابند کیا، Interior Committee کو بھی، law minister کو بھی، human rights minister کو بھی کہ وہ اس پہ کسی بھی قسم کا کوئی بھی دباؤ برداشت نہ کیا جائے۔ اگر ان کے father-in-law involve ہیں تو انہیں بھی arrest کیا جائے۔ اور اسی طریقے سے اس کو تیزی کے ساتھ آگے بڑھایا جائے۔ آج ہم اُن کے گھر بھی جا رہے ہیں، ہم نے notice بھی لیا ہے، آج ہم ان کی family سے بھی ملنے جا رہے ہیں۔ تو میں یہ سمجھتی ہوں کہ ہمیں ایسا قومی نظام چاہیئے جہاں rape جیسے واقعات، گھریلو تشدد، غیرت کے نام پہ قتل، خواتین کے قتل، harassment، جس میں بچیاں رُل رہی ہیں اور اس طرح کے جو جرائم ہیں اس پہ قابو پایا جائے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** آپ Adjournment Motion لے آئیں، یہ بہت اہم مسئلہ ہے اور اس پہ Point of Order پہ آپ کو موقع ملا ہے، please wind up کر لیں۔

**محترمہ شاہدہ رحمانی:** سر! یہ ہماری آواز نہیں ہے، یہ پاکستان کی عورت کی آواز ہے، ہر گھر کی آواز ہے۔ بالکل اس پر Adjournment Motion لے کر آتے ہیں اور ہم اس پہ بات بھی کرتے ہیں، caucus بھی، Speaker صاحب بھی اور تمام ادارے اس پہ بھرپور تعاون کر رہے ہیں، میں ایک دفعہ پھر تہہ دل سے مشکور ہوں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** طارق فضل چوہدری صاحب ایک Resolution and Motion ہے، kindly اس کے بعد آپ کو دیتے ہیں۔ میں سارے honourable ممبران کیلئے بیٹھا ہوا ہوں، میں آپ ہی لوگوں کیلئے بیٹھا ہوا ہوں، میں اسی لئے گزارش کرتا ہوں، بہت سارے ممبران مجھ سے ناراض ہو کر چلے گئے ہیں، میرے پارٹی والے کچھ ابھی تک ناراض بیٹھے ہوئے ہیں، میں موقع دے رہا ہوں، تشریف رکھیں۔ آپ اب ٹائم ضائع کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر مہیش ملانی صاحب۔

**ڈاکٹر مہیش کمار ملانی:** جناب ڈپٹی سپیکر! شکریہ، آپ نے Point of Order پر بات کرنے کا موقع دیا ہے۔ میں اپنے حلقے کی بات کروں گا، میرے حلقے میں Thar Coal Mine Project جو پاکستان کا ایک بڑا project ہے، وہاں four power plants ہیں اور 26 megawatt NTDC میں بجلی جاتی ہے۔ وہاں تین چار سال پہلے پرائم منسٹر، چیئرمین بلاول بھٹو زرداری صاحب کے ساتھ آئے تھے اور وہاں پر announcement کی تھی کہ یہاں سے NTDC میں اتنی بجلی جا رہی ہے تو میں یہاں 200 bed کا ہسپتال announce کرتا ہوں۔ چار سال پہلے وہ announcement تو کی تھی لیکن ابھی تک اُس کا کوئی نشان نہیں ہے، ہم ہر سال کہتے ہیں کہ آپ نے جو announcement کی ہے، آپ نے وعدہ کیا ہے وہ نبھانا چاہیئے۔ تھر سے NTDC میں بجلی جاتی ہے وہاں تھر فاؤنڈیشن کی طرف سے، سندھ گورنمنٹ کی طرف سے CSR سے کافی سکول اور 50-bedded hospital بن رہا ہے۔ تھر فاؤنڈیشن والے بھی اسلام کوٹ میں پلاٹ بھی دے رہے ہیں تو میں پرائم منسٹر صاحب سے اپیل کرتا ہوں کہ آپ نے جو announcement کی ہے وہ آپ نبھائیں اور وہاں 200 bed کا ہسپتال دیں۔ تھر فاؤنڈیشن کے ساتھ زمین بھی ہے، اس ہسپتال کے ساتھ یہ ہسپتال بنے گا، وہ سنٹر ہے، ہماری چار تحصیلیں ہیں، نگر پار کر، چھا چھرو، مٹھی اور ڈیپلو اس کا middle point ہے تو آپ اسی سال ہمیں ضرور 200 bed کا ہسپتال آپ نے جس کی announcement کی ہے وہ وعدہ نبھائیں، ہم request کرتے ہیں کہ آپ ہمیں یہ ضرور دیں۔ شکریہ سر۔

## MOTION *REG*: EXTENSION OF TIME FOR PRESENTATION OF PUBLIC ACCOUNTS COMMITTEE REPORTS ON THE APPROPRIATION ACCOUNTS OF THE GOVERNMENT OF PAKISTAN AND AUDIT REPORTS OF THE AUDITOR GENERAL OF PAKISTAN

**جناب ڈپٹی سپیکر:** یہ Motion کر لوں پھر آپ کو موقع دیتا ہوں۔ طارق فضل چوہدری صاحب۔

**Minister for Parliamentary Affairs (Dr. Tariq Fazal Chaudhary):** Thank you Mr. Speaker! I move under sub-rule 5 of rule 203 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, that the time for the presentation of the reports of the Public Accounts Committee on the Appropriation Accounts of the Government of Pakistan for the financial years 2009-10 to 2023-24 and Audit Reports of the Auditor General of Pakistan relating to the accounts of the Federation for the audit reports of the year 2010-11 to 2024-25 as already referred to the Public Accounts Committee on different dates to be extended till the completion of the examination of the concerned audit reports by the PAC and its sub-committees.

**Mr. Deputy Speaker:** Thank you. Now, I put the Motion to the House. The question is that the Motion, as moved, be adopted.

(The Motion was adopted.)

## RESOLUTION *REG*: NATIONWIDE COMMEMORATION OF THE 1500TH EID MILAD-UN-NABI (SAW) THROUGH RELIGIOUS, EDUCATIONAL, WELFARE AND MEDIA INITIATIVES TO PROMOTE UNITY, PEACE AND THE TEACHINGS OF THE HOLY PROPHET (SAW)

**جناب ڈپٹی سپیکر:** طارق فضل چوہدری صاحب Resolution پڑھیں۔

**Dr. Tariq Fazal Chaudhary:** Thank you Mr. Speaker! I move the following Resolution:

”یہ ایوان پندرہ سویں میلادالنبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تاریخی اہمیت کے پیشِ نظر یہ قرارداد پیش کرتا ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں، اس موقع کو اعلیٰ سطح پر، قومی پروگرامز، میلادالنبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محافل، میڈیا مہمات، فلاحی اقدامات، سرکاری اور نیم سرکاری، نجی عمارتوں اور شاہراہوں کو چراغاں اور سجاوٹ کے ذریعے منائیں۔ تمام سرکاری و نجی ادارے بشمول، تعلیمی اور کاروباری ادارے، میڈیا ہاؤسز بھرپور شرکت کرتے ہوئے حضرت محمد مصطفیٰ احمدِ مجتبیٰ خاتم النبیین ﷺ کی تعلیمات کے مطابق، امن، رواداری اور اخوت کو فروغ دیں۔ یہ ایوان رسولِ کریم ﷺ خاتم النبیین کی سنت و سیرت کے فروغ کا عزم کرتا ہے اور پوری قوم سے اپیل کرتا ہے کہ اس بابرکت موقع کو نہایت عقیدت، احترام اور اتحاد کے ساتھ منایا جائے۔“

**Mr. Deputy Speaker:** Now, I put the Resolution to the House. The question is that the Resolution, as moved, be adopted.

(The Resolution was adopted unanimously.)

## POINTS OF ORDER

**جناب ڈپٹی سپیکر:** ملک انور تاج صاحب، فتح اللہ صاحب، بچانی صاحب، میں آپ کو opposition کے بعد موقع دے رہا ہوں۔ آپ کے صبر کا شکریہ۔ درشن صاحب، آپ کو بھی موقع دے رہا ہوں۔

**جناب انور تاج:** جناب ڈپٹی سپیکر! شکریہ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ میں دو points پہ بات کروں گا۔ ایک عدلیہ کی آزادی پہ بات کروں گا۔ ایک ملک کے لیے rule of law سب سے اہم چیز ہے۔ جس ملک میں rule of law نہ ہو تو وہاں پہ investment نہیں آتی، وہاں پہ اعتماد ختم ہوتا ہے، عدالتوں پہ اعتماد ختم ہوتا ہے۔ عدالتوں کی جو توقیر تھی، جو ان کے پاس اختیارات تھے تو چھبیسویں اور ستائیسویں ترمیم ان کے ذریعے تو اِس کے پَر کاٹ دیئے گئے لیکن جو رہی سہی کسر تھی، اب اس حکومت نے وہ بھی پوری کر دی ہے کہ جو عدالت کا حکم آتا ہے، سپریم کورٹ کا حکم آتا ہے، ہائی کورٹ کا حکم آتا ہے۔ میں اب اِس پہ تھوڑا سا discuss کرنا چاہتا ہوں کہ میرے متعلق اور میرے colleagues کے متعلق جو حکم آیا تھا میرے لیڈر عمران خان کے متعلق جو حکم آیا تھا، اِس کو ردی کی ٹوکری میں ڈالا گیا۔ اگر عمران خان کے متعلق ایک حکم آیا کہ اس کو شفاء انٹرنیشنل ہسپتال میں shift کیا جائے اور اس کا علاج کیا جائے؟ تو کیا بگڑتا اس حکومت کا اگر عمران خان کا علاج ہوتا؟ 70 % پاکستانیوں میں جو اضطراب ہے کم از کم یہ اضطراب تو ختم ہوتا۔ عدالتوں کی توقیر تو آپ کے ہاتھوں میں ہے، جب عدالت کوئی فیصلہ کرے تو اس پر عمل کرنا حکومت کا کام ہے، اِس پر عمل نہیں ہوا۔

اِس کے علاوہ میرا ایک کیس تھا، میرے colleague ڈاکٹر امجد کا بھی ایک کیس ہے، PNIL میں میرا نام ہے۔ 10 مارچ 2024ء کو پشاور ہائی کورٹ نے ایک detailed order جاری کیا، 8 pages پر مشتمل ہے۔ State Minister طلال چوہدری صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، ان کی میں تھوڑی توجہ چاہتا ہوں، وہ Interior Minister ہیں، 10 مارچ 2024ء کو میرے favour میں order آگیا، 8 pages کا detailed order آگیا، وہ order میں لے کے Interior Secretary کے پاس گیا اور وہ ڈسٹرکٹ order تھا اور اس کے ساتھ ایک application اپنی طرف سے دے دی کہ kindly اس order کو implement کیا جائے۔ 31 مارچ کو اس نے ایک letter DG FIA کو لکھا کہ اس order کو implement کیا جائے اور اِس کا نام PNIL سے نکالا جائے۔ 10 مارچ سے لے کے آج 25 اگست ہے، اس کے بعد میں پشاور ہائی کورٹ چلا گیا، پشاور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس نے خود FIA اور Immigration والوں کو بُلا لیا اور ان کو کہا کہ اس order کو implement کریں within 7 days, اس کے باوجود ایک مہینہ اس کا بھی ہو گیا، پھر دُوسری تاریخ آگئی اور میں نے دوبارہ application دے دی CoC میں کہ توہینِ عدالت ہو رہی ہے، عدالت کا حکم نہیں مانا جا رہا ہے، پھر دوبارہ ان کو 7 دن دے دیے گئے اور اب 31 مارچ تاریخ دوبارہ ان کو دے دی گئی کہ 31 تاریخ تک compliance report اس عدالت میں جمع کرائی جائے۔

توڈپٹی سپیکر صاحب! دو Minister صاحبان بیٹھے ہوئے اس ملک کے، سب کو پتہ ہے کہ وہ کس طریقے سے ادھر بیٹھے ہوئے ہیں، لیکن میں ان سے پُوچھنا چاہتا ہوں کہ عدالت کی اتنی بے توقیری آپ لوگ کیوں کررہے ہیں؟ اگر عدالت نے حکم دِیا ہے کہ اِس کا نام stop list سے نکالا جائے اور اس کی پوری detail سارے department سے منگوائی گئی ہے پھر بھی اس پر عمل نہیں ہو رہا ہے۔ ڈاکٹر امجد کا بھی کیس اس طرح ہے، میرے دو تین colleagues اور بھی ہیں، ان کے ساتھ بھی یہی ہو رہا ہے۔ دوسرا۔۔۔۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ، مائیک کھولیں، wind up کریں، please۔

**جناب انور تاج:** دوسری بات یہ ہے کہ جب بھی مجھے موقع ملتا ہے تو میں بجلی پہ بات ضرور کرتا ہوں۔ خیبر پختونخوا جو 6800 MW بجلی اِس مُلک کو دے رہا ہے، میرے حلقے میں، پورے خیبر پختونخوا آج بالکل اندھیرے میں ڈُوبا ہوا ہے۔ 3 یا 4 گھنٹے ادھر بجلی ہوتی ہے، باقی load shedding ہوتی ہے۔ ایسا feeder ہے جو 2022ء میں، میں نے complete کیا اور 4 سال ہو گئے ہیں اس کو energize نہیں کیا جا رہا۔ وجہ کیا ہے؟ وجہ یہ ہے کہ میں Opposition میں ہوں۔ 7,275 ارب روپے صرف ہم نے capacity charges کی مد میں دیے۔ ان 7,275 ارب پر۔۔۔۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ، نسیم شاہ صاحب، Point of Order۔

**جناب نسیم علی شاہ:** جی جناب ڈپٹی سپیکر صاحب، بہت شکریہ۔ لیکن مجھے ابھی تک یہ محسوس ہو رہا ہے، پتہ نہیں کیا وجہ ہے کہ مجھے speech کرنے کا موقع کم ملتا ہے، تاخیری حربے استعمال کیے جاتے ہیں، آج صبح سے میں انتظار میں تھا۔ جناب سپیکر! ان حالات میں ایک طرف ہم دہشت گردی کے خلاف جنگ لڑ رہے ہیں۔ ضلع بنوں اور لکی مروت میں پولیس کی امن کمیٹیاں خود بن گئیں۔ جس سے پولیس کا chain of command شدید متاثر ہو گیا ہے۔ صرف میرے ضلع بنوں کے غلام خان بارڈر بند ہونے سے تقریباً 15 ہزار لوگ بے روزگار ہو گئے، اس وقت بھی جانی خیل میں۔۔۔۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ mic کھولیں wind up کریں۔

**جناب نسیم علی شاہ:** لہٰذا مہربانی کر کے مذاکرات کے ذریعے کوئی حل ڈھونڈا جائے۔ شکریہ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** فتح اللہ خان صاحب۔

**جناب فتح اللہ خان:** شکریہ جناب سپیکر، مجھے ایک اہم issue پر آج آپ نے جو موقع فراہم کیا۔ سب سے پہلے میں اپنے اس respectable House کا، اہم واقعہ جو سرحد یونیورسٹی اسلام آباد میں ہوا ہے۔ میں اپنے ایوان کے ان معززین اراکین اور جو یہاں پر ہماری خواتین بیٹھی ہیں، توجہ لینا چاہتا ہوں کہ یہاں پر بہت سارے بیٹیوں کے باپ بیٹھے ہوئے ہیں اور یہاں پر اپنی wife کے husband بیٹھے ہوئے ہیں، اور جہاں پر ہماری خواتین بیٹھی ہوئی ہیں، ان کی بیٹیاں بھی ہوں گی، ان کے husband بھی ہوں گے۔ لیکن میں شاہدہ رحمانی صاحبہ کو خراجِ تحسین

پیش کرتا ہوں اس حوالے سے۔ کسی ہمارے نمائندے نے، اتنا بڑا ہمارے Capital میں ایک واقعہ رونما ہوا ہے جس کو media کی زینت بنادیا گیا ہے۔ ہمارے حساس اداروں کو اور Army کو سازشوں کے ذریعے بدنام کیا جاتا ہے۔ میں اس کی وردی کی بات نہیں کروں گا، میں کہتا ہوں کہ یہ جو واقعہ رونما ہوا ہے، ہمارے اسلامی معاشرے میں اسلام ہمیں سکھاتا ہے کہ خواتین کی کتنی اہمیت ہے۔ اس حوالے سے جو University میں یہ واقعہ رونما ہوا ہے، میں کہتا ہوں کہ اگر کوئی مصلی بھی ہوتا، مصلی اپنی wife کی عزت کو نہیں بچا سکتا، تو میرے خیال میں اس کو یہاں پر اس دنیا میں رہنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ تو میں عورت کے husband، کرنل اسفندیار خان کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ وہ جا کر اپنی بیوی کی عزت کو بچانے کے لیے گئے اور بڑے پیار و تحمل سے اگر میڈیا پر سب دیکھیں، تو اس کو جو رنگ دیا جا رہا ہے کہ وہ وردی چونکہ اس نے پہنی ہوئی تھی، وہ service میں تھے، ساتھ پوری platoon بھی لے آتے۔ وہ اپنی wife کو بچانے کی خاطر وہاں پہنچے تو لوگوں نے دھکے دے کر اس کی عزت کو خاک میں ملایا۔ ہماری فوج ملک کا دفاع کرتی ہے، اگر وہ اپنی wife اور اپنا تحفظ نہ کرتے، پسٹل نہ نکالتے اور firing نہ کرتے، تو ہجوم نے جو حشر کیا ہوا تھا، میرے خیال میں، میں اس کی پرزور مذمت کرتا ہوں اور میں ایوان سے اپیل کرتا ہوں کہ ان لوگوں کو، جنہوں نے ہماری بہن کی بے حرمتی کی، اس پر ایک کمیٹی بنائی جائے اور ان کو کڑی سزا دی جائے، تاکہ آئندہ اس قسم کا کوئی واقعہ رونما نہ ہو۔

سپیکر صاحب! میں آج آپ سے معذرت کرتا ہوں۔ دوسرا WAPDA issue کا ہے۔ ڈیرہ اسماعیل خان میں law and order کی جو صورتحال ہے، خدا کی قسم چھ بجے کے بعد دوسری عوام کی وہاں پر حکومت ہوتی ہے اور حکومت کی writ ختم ہو چکی ہے۔ وہاں پر اتنی load shedding ہے کہ کیا کہوں۔ میں Minister صاحب کو دعوت دیتا ہوں کہ خفیہ طریقے سے ایک ہفتہ میرے گھر میں مہمان رہیں اور بجلی کی حالت دیکھیں۔ 24 گھنٹوں میں 2 گھنٹے بجلی ہوتی ہے۔ اور نہ ہی مسجد میں وضو کے لیے ٹیوب ویل چل سکتا ہے۔ بجلی نہ دیں، لوگوں کے گھروں میں پنکھے نہ چلیں۔ ہمارا علاقہ ویسے بھی پانی سے محروم ہے۔ تمام tube wells بجلی کی load shedding کی وجہ سے بند رہتے ہیں اور لوگ پانی جیسی نعمت بھی حاصل نہیں کر سکتے۔ تو میں حکومت سے appeal کرتا ہوں کہ ہمارے علاقے کے جو حالات ہیں، اس پر رحم کرتے ہوئے load shedding کا خاتمہ کیا جائے۔ Thank you very much. جی۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ ڈاکٹر درشن صاحب۔

**پارلیمانی سیکرٹری برائے بحری امور (جناب درشن):** شکریہ، سپیکر صاحب! باتیں تو بہت کرنے کی ہیں۔ ہمارے بھی شناختی کارڈ block ہیں۔ میرا شہر میرپور ماتھیلو ہے، وہاں ایکسپریس فیڈر ہے اور وہاں پہ بھی اٹھارہ، اٹھارہ گھنٹے کی loadshedding ہے۔ میں بعد میں اس پہ بات کروں گا۔ میرا جو main مسئلہ ہے کہ ہمارے شہر میرپور ماتھیلو میں حویلیوں میں گھر ہیں۔ وہاں پہ آپ کو پتہ ہے کہ 'مولا سسٹم' ہوتا ہے۔ ہمارے ایک دوست ہیں جن کا نام لالہ درشن ہے اور دلیپ کمار کے گھر سے چوری ہوئی ہے۔ گھر میں داخل ہو کے پوری فیملی کو یرغمال بنایا، ان پہ torture کیا، جو انہوں نے گہنے پہنے ہوئے تھے، وہ بھی اتروائے اور جو نقدی پڑی تھی، وہ بھی لے گئے تھے۔ یہ صرف ایک نہیں، پچھلے ہفتے میں تین چار گھروں میں ایسا ہوا ہے

شہر میں۔ پہلے تو ہم بات کرتے تھے کہ جی باہر کچھ ہوتا ہے، لیکن جو حویلیوں میں گھر ہیں، وہاں پر بھی لوگ محفوظ نہیں ہیں۔ وہاں پہ پولیس کا یہ حال ہے، ان سے بات کرتے ہیں، پہلے تو فون اٹھاتے نہیں ہیں، اگر کبھی کوئی بات ہو بھی جائے، یا message کا جواب آ بھی جائے تو یہ کہتے ہیں جی ہم کوشش کر رہے ہیں اور بتی کے پیچھے لگا دیا کہ finger prints ہم نے حاصل کر لیے ہیں اور finger prints کی اسلام آباد سے report آئے گی، اس کے بعد ہم کچھ کریں گے۔ لیکن finger prints کا بھی یہ حال ہے کہ mostly وہ کہتے ہیں کہ یہ mismatch ہوئے ہیں۔

تو میری آپ سے یہ درخواست ہے کہ آپ سندھ گورنمنٹ سے بات کریں۔ میں نے IG صاحب سے بھی بات کی تھی لیکن پھر بھی کچھ نہیں ہوا، DPO سے بات ہوئی، پھر بھی کچھ نہیں ہوا۔ آپ بات کریں سندھ گورنمنٹ سے کہ جو ہمارے شہر میرپور ماتھیلو میں یہ دن دہاڑے وارداتیں ہو رہی ہیں۔ ایک دو اور communities ہیں، مینگواڑ کمیونٹی کے گھروں میں بھی چوری ہوئی، ایک اور بھیل کمیونٹی تھی، وہاں بھی گھروں میں چوری ہوئی، اس کو ختم کیا جائے اور جلد از جلد چوروں کو گرفتار کر کے تمام چوریاں بازیاب کرائی جائیں۔ یہ آپ سے request ہے، آپ CM سندھ سے بات کریں، IG سے بات کریں، DPO سے بات کریں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ سید محبوب شاہ صاحب۔

**جناب محبوب شاہ:** شکریہ، جناب سپیکر صاحب! میں آپ کی توجہ اس طرف دلانا چاہتا ہوں کہ متحدہ عرب امارات میں پاکستانی حکمرانوں اور ان کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے پشتونوں کے چلتے پھرتے کاروبار کو تباہ کر رہے ہیں۔ Visa rejection تو دور کی بات ہے، اب رات کو بھی message آجاتا ہے کہ آپ کا labour card اور ویزہ منسوخ ہو چکا ہے۔ دو دن کے اندر اندر کاروبار سمیٹ کر امارات سے نکل جائیں۔ دل دہلا دینے والے message اور مناظر ہیں کہ لوگ 40 سال سے چلتا کاروبار اونے پونے داموں میں بیچ کر امارات چھوڑ رہے ہیں۔ Visa rejection تو دور، ہر پاکستانی خصوصاً پشتون پر وہ برس رہے ہیں۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں جناب Foreign Minister صاحب اور ہمارے Overseas Minister کو کہ فوراً متحدہ امارات کی حکومت سے رابطہ کریں، کیونکہ یہ لوگ 40, 50 سال سے وہاں کاروبار کر رہے ہیں اور راتوں رات ان کو کہتے ہیں کہ آپ کاروبار سمیٹ لو، یہاں سے چلے جاؤ اور آپ کا ویزہ منسوخ ہو چکا ہے۔ لہٰذا مہربانی کر کے اس پہ فوراً action لیا جائے۔ شکریہ جی۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ اقبال آفریدی صاحب۔

**جناب محمد اقبال خان:** شکریہ۔ جناب ڈپٹی سپیکر! میں جو point raise کرنا چاہتا ہوں، وہ پورے پاکستان کا مسئلہ ہے۔ Car Dealer Association کا مسئلہ ہے۔ یہ بہت اہم issue ہے۔ Car Dealer Association میں گاڑی ٹرانسفر کرنے کا جو پہلے mechanism تھا کہ ایک transfer letter ہوا کرتا تھا، اس پر انگوٹھا لگتا تھا اور ساتھ شناختی کارڈ لگتا تھا۔ اس کے بعد biometric کا mechanism بنا اور اس سے تین چار مسائل پیدا ہوئے۔ کراچی سے خیبر تک جھگڑے شروع ہو جاتے ہیں کہ جو بندہ فوت ہو جاتا ہے تو اس کا

biometricنہیں ہوتا، جوforeign countryچلا جاتا ہے تو اس کا بھیbiometricنہیں ہوتا۔ جس کی وجہ سے ہزاروں مسائل Car Dealer Associationکے لئے پیدا ہو گئے ہیں۔ جو پہلے طریقہ کار تھا اس کو اپنا لیا جائے تو اربوں کے حساب سے revenue generateہو گا۔ لوگوں کےtransferکے مسائل ہیں۔ اس مسئلہ پر کسی کو ہدایت دیں کہ اس کو حل کریں۔ اگر 3 مہینے کا time دیں تو کراچی سے خیبر تک سارےissuesختم ہو جائیں گے اورtransferکے مسائل حل ہو جائیں گے۔

PMDCکے سامنے طلباء بیٹھے ہیں۔ ان کو بلائیں اورconcerned Ministryکے ساتھ بٹھائیں تاکہ وہ احتجاج ختم کریں۔ ان کا جائز مسئلہ ہے۔ طلال صاحب سے ایک سوال کرنا ہے۔ طلال صاحب، آپ نے آج کہا ہے کہ تحریک انصاف کےworkerنے خان کی صحت کے حوالے سے خوشی نہیں منائی۔ میں آپ سے سوال کرتا ہوں کہ بجلی اور مشین خراب تھی تو کس طرح پتہ چلا کہ خان صحتیاب ہیں؟ ان کے دل اور آنکھ کا جو مسئلہ تھا۔ آپ سے پوچھنا چاہتے ہیں کہ بغیرcheck upکے کس طرح آپ کو پتہ چلا کہ وہ صحتیاب ہیں؟

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ ذوالفقار بچانی صاحب۔

**جناب ذوالفقار بچانی:** بہت شکریہ، جناب ڈپٹی سپیکر صاحب! سب سے پہلے میں اپنے حلقہ NA-217 کی بات کروں گا۔ 7 جولائی 2026ء کو Standing Committee Senateکی ایکmeetingہوئی تھی، Gasification of villageپر۔ District Tando Allahyar is the 3rd or 4th richest district in oil and gas. UEPکے ہمارے پاس تقریباً 15 wellsہیں اورOGDCLکے ہمارے پاس تقریباً 13 سے 14 wells ہیں۔ تو سپریم کورٹ کا ایکorderآیا تھا کہ within 5 kilometer gasificationہو گیvillagesکی، جہاں سےoilیاgasنکل رہی ہے، تو within 5 kilometers village gasificationہونی چاہیئے۔Senate Standing Committeeمیںpassبھی ہوا تھا اورOGDCLکے جوMDہیں اور oil, petroleumاور گیس کیMinistryنے بھی یہ ہدایت کی تھی کہgasificationہونی چاہیئے۔ اس کو مہینہ ہو گیا ہے۔ میںrequestکروں گاMinister پرویز صاحب سے کہ اس میںimplementationہونی چاہیئے۔ دوسرا میراmain issueریلوے پر ہے۔ ریلوے کیmainپٹڑی پرbarriersہوتے ہیں، وہ نہیں لگے ہوئے۔ اس کی وجہ سے دن بدن حادثات بڑھتے جا رہے ہیں اور لوگ مر رہے ہیں۔ میں Ministry of Railwayکو کہنا چاہوں گا کہ وہاںbarriersلگنے چاہییں تاکہ حادثات کم ہوں۔

میں گیس کیload sheddingکی بات کروں گا۔ 12 گھنٹےload sheddingہو رہی ہے۔ جوtimingدی گئی ہے، اس پہ کوئی عملدرآمد نہیں ہو رہا۔ میں کہوں گاoil and gasکیMinistryکو کہ جوtimingآپ کی طرف سے دی گئی ہے کہ scheduled load sheddingہونی چاہیئے بجائے اس کے کہ جو چھ گھنٹے کیload sheddingہے وہ 12، 12 گھنٹے ہو رہی ہے۔ ڈسٹرکٹ ٹنڈو الٰہ یار کی تقریباً ساڑھے آٹھ لاکھ آبادی ہے اور اس کا گرڈ سٹیشن ایک ہے۔ دوسرا واپڈا سے منظور بھی ہو گیا ہے اورbookمیں بھی آ گیا ہے۔ لیکن ابھی تک وہ جو

دوسرا grid station ہے اس پر کوئی عمل درآمد نہیں ہوا تو میں یہی kindly request کروں گا ہمارے جو Wapda کے Minister ہیں لغاری صاحب سے یہ جو grid station ہے اس کی installation اس کی ہونی چاہیئے۔

آخری بات کروں گا اپنے حلقے ٹنڈو الہ یار اس کی ساڑے آٹھ لاکھ کی آبادی ہے۔ مگر ایک بھی یونیورسٹی ادھر نہیں ہے تو کم سے کم ایک یونیورسٹی کی میں request کروں گا ہمارے Education Minister سے کہ ہمیں دی جائے۔ بہت بہت شکریہ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ پلین صاحب Point of Order.

**جناب پلین:** شکریہ جناب سپیکر! آج ہم یہاں National Assembly میں جو انتہائی افسوسناک واقعات ہوئے ہیں ان کی بات کر رہے ہیں law and order کے علاوہ تو سر! سڑکوں پر جو حادثات ہو رہے ہیں۔ ہمارے پاس عام طور پر جو قومی شاہراہیں ہیں ان کو خونی شاہراہ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ لیکن NHA کی غفلت کی وجہ سے دو تین دن پہلے Ormara میں Buzi Top ایک چڑھائی ہے وہاں پہ bowser گرنے سے ایک ہی خاندان کے جو تربت، بولیدہ میں رہتے ہیں ان کے پانچ نوجوان اکٹھے شہید ہوئے۔ اور اس طرح پنجگور کا ایک علاقہ ہے Guran، وہاں پہ بھی ایک روڈ حادثے میں چار پانچ جانیں ایک ساتھ گئی ہیں۔ سر! انتہائی افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ NHA کی ان پر کوئی توجہ نہیں ہے، نہ ہی سڑکوں کی مرمت کرتے ہیں۔ اس طرح Basima،Surab، پنجگور، تربت، گوادر روڈ ہے، سیلاب کب کا آچکا ہے، چار سال سے وہاں پہ ایک قطرہ بارش کا نہیں پڑا، لیکن روڈ کی حالت اس طرح ہے جیسے دس سال پہلے کا تھا۔

اسی طرح باقی جو معاملات سڑکوں کے حوالے سے ہیں، ان کے funds جاری ہوتے ہیں، ہوشاب آواران روڈ ان کے funds جاری ہوئے ہیں، مگر اس پہ کام نہیں ہو رہا ہے۔ آج اس forum پر بات کرنے کا مطلب یہ تھا کہ NHA کے حوالے سے Minister صاحب بیٹھے ہوئے تھے، ان سے گزارش ہے کہ اس طرف پوری توجہ دیں اور ہمارے جو مسائل ہیں ان کو حل کرا دیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جناب ساجد صاحب۔

**جناب ساجد خان:** شکریہ جناب سپیکر! مصطفی کمال صاحب موجود نہیں ہیں، اگر ان کا کوئی پارلیمانی سیکرٹری ہے یا طلال چوہدری صاحب یا طارق فضل چوہدری صاحب اگر یہ ذرا نوٹ کر لیں، 2017 میں جب ان کی Cabinet کی decision آئی کہ FATA اور بلوچستان کی medical seats کو ہم double کر رہے ہیں، تو ابھی HEC نے recommendation بھیجی ہے اور انہوں نے list final کی ہے 121 seats کی، PMDC کا notification نہیں ہوا، اس کے لیے ہمارے FATA اور بلوچستان کے students احتجاج پر ہیں اور انہوں نے PMDC کے سامنے دھرنا دیا ہے۔ یہ تو میرے خیال میں اتنا بڑا مسئلہ نہیں ہے، کیونکہ Cabinet decision تھا، ان کو ویسے بھی ان پہ عمل کرنا چاہیئے، جب HEC نے اپنی وہ list سب کچھ final کی ہے، KMU اور PMDC کو list بھیج دی ہے، اب PMDC اس کی approval اور notification نہیں کر رہی ہے۔ اگر کوئی note کر رہا ہے میرے خیال میں تو اس طرف کوئی ایسا بندہ نہیں بیٹھا ہے جو اس کو

note کر رہا ہو اور مصطفٰی کمال صاحب کے notice میں لائے یا PMDC، کیونکہ کل میں اور حامد حسین صاحب اور ابھی کاکڑ صاحب سے بھی ہماری بات ہوئی۔ ہم نے PMDC کے office کا جب visit کیا اور ہم PMDC کی authorities سے ملے، تو آپ یقین مانیے کہ باہر جو students دھرنے پہ بیٹھے تھے اور ان کا رویہ آپ دیکھتے تو میرے خیال میں یہ FATA اور بلوچستان کے students کے لیے کافی پریشان کن لمحہ ہے۔

2025 اور 2026 کے لیے 300 seats آپ نے جو final کی ہیں، اس کے لیے notification انتہائی ضروری ہے۔ ایک طرف اگر FATA اور بلوچستان میں بدامنی کو ہم دیکھیں اور یہ کتنی حیرانگی کی بات ہے کہ FATA اور بلوچستان کے students تعلیم مانگ رہے ہیں، medical کی seats مانگ رہے ہیں، اپنے لیے کلاشنکوف نہیں مانگ رہے ہیں، اپنے لیے قلم مانگ رہے ہیں اور اس کے لیے آپ کی Cabinet نے decision بھی کیا ہے کہ ہم آپ کی seats double کر رہے ہیں، لیکن اس پہ کوئی عمل درآمد نہیں ہو رہا، لہٰذا ضروری ہے اگر اس طرف کوئی یہ note کر رہا ہے، مصطفٰی کمال صاحب کے notice میں لائے، PMDC کے notice میں یہ لائے کہ FATA کے students کا یہ مسئلہ حل کریں۔ شکریہ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ محترمہ عالیہ کامران صاحبہ۔

**محترمہ عالیہ کامران:** محترم آپ کا بہت شکریہ۔ میرے خیال میں Minister for Interior جو ہیں پہلے تو میں نے دیکھا ہے کہ ادھر بیٹھے ہوئے تھے، شاید موجود ہیں House میں، تو میں ذرا توجہ ان کی چاہتی ہوں اور ان کے knowledge میں کچھ چیزیں لانا چاہتی ہوں اگر وہ مجھے سنیں۔ محترم Bolan میں gas کی pipeline کو اڑا دیا گیا ہے، ڈیڑھ فٹ پائپ کا جو ٹکڑا ہے ایک weld کرنا ہوتا ہے، لیکن اس 15 منٹ کے کام کو 15 دن کے اندر complete کیا جاتا ہے۔ اور ساری مشکلات جو ہیں وہاں پہ بلوچستان کے عوام بھگتتے ہیں، وہاں پر gas نہیں آ رہی تھی 15 دن سے اور اب کہیں جا کے سر جو ہے restore کی گئی ہے۔ سر! میں محترم Minister Sahib کی توجہ چاہتی ہوں، پلیز بہت اہم issues ہیں کیونکہ وہ خود کہتے رہے ہیں کہ یہ معاملات ایک SHO ٹھیک کر سکتا ہے، تو ان کی knowledge میں یہ چیزیں آنا بہت ضروری ہیں کیونکہ ہمیں اُس SHO کی سر! تلاش ہے جو یہ معاملات ٹھیک کر دے۔

سر! پھر اس کے بعد بجلی کا tower اڑا دیا جاتا ہے، آدھا کوئٹہ اندھیرے میں ڈوب جاتا ہے، کبھی بجلی آتی ہے بجلی نہیں آتی، آدھا کوئٹہ جو ہے موم بتی کی روشنی کے اندر گزارا کر رہا ہے۔ سر کل Saranan کے پانچ مزدور وہ قتل کر دیے گئے، ایک زخمی ہے، وہاں پر BLA کیسے پہنچ گیا؟ جس کا دل کرتا ہے، جس کا مرضی نام لیتا ہے، جب دل کرتا ہے کوئی tower اڑا دیتا ہے، پہلے تو net نہیں تھا اب تو معاملات یہ پہنچ گئے ہیں کہ جو مرضی کام کر ڈالو اور الزام بھی جو ہے یہاں کہہ دو کہ فلاں نے اڑا دیا یا فلاں نے اڑا دیا، سر writ صرف رہ گئی ہے آپ کے Red Zone کے اندر۔ Khadkoocha میں اس وقت بھی curfew چل رہا ہے۔ آپ جب آئے تھے، اس وقت حالات کہاں چلے گئے اور آپ کے آنے سے

پہلے حالات کدھر تھے؟ توان معاملات کو دیکھنا بہت ضروری ہے اور میں بار بار یہی کہہ رہی ہوں کہ خدارا بلوچستان پر رحم کیجیے، ہر نیا آنے والا دن جو ہے وہ مشکلات لے کے آرہا ہے، ہر نیا آنے والا دن جو ہے وہ ہمارے لیے اچھا نہیں ہے، توان معاملات پہ نظر ثانی ہونی چاہیئے اور especially میں پھر کہوں گی کہ ہمیں وہ SHO ڈھونڈ دیجیئے صرف ایک SHO آجائے گا اور ہمارا بلوچستان جو ہے تمام مشکلات سے نکل آئے گا۔ بہت شکریہ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ جناب خان محمد جمالی صاحب۔

**میر خان محمد جمالی:** شکریہ جناب ڈپٹی سپیکر! میں آج آپ کی توجہ اپنے حلقے کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ ہمارے پاس پچھلے دو مہینے سے Dera Allah Yar, district headquarter ہے، وہاں پہ پانی نہیں ہے اور آپ کو پتہ ہے کہ وہاں ہمارے پاس underground وہ brackish پانی ہے، تو عوام اس وقت بڑی تکلیف میں ہے، تالاب سوکھ گئے ہیں، نہ انسانوں کے لیے پانی ہے اور نہ جانوروں کے لیے پانی ہے اور جو پانی تالابوں میں بچ گیا ہے اس میں بدبو ہو گئی ہے، تو آپ مہربانی کریں کوئی ایسی Ruling دیں تاکہ ادھر Dera Allah Yar ایک لاکھ کی آبادی کا ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہے، وہاں پہ ہمیں کم از کم پینے کا پانی تو دیا جائے۔ ہماری جھٹ پٹ تحصیل feeder سے آباد ہوتی ہے، لیکن بڑے افسوس سے اس سال ہمیں وہاں پانی نہیں ملا اور ہماری جھٹ پٹ تحصیل اور خانپور تحصیل تقریباً غیر آباد پڑی ہوئی ہیں اور اسی طرح Gandakha کی تحصیل میں بھی ہمیں پانی کی تکلیف ہوئی جو کیر تھر سے آتی ہے، وہاں بھی زمینیں بنجر پڑی ہوئی ہیں۔

ایک اور issue کی طرف میں آپ کی توجہ دلاؤں کہ ہمارے پاس ایک Hairdin drain ہے جو وفاقی حکومت نے نکالی تھی بھٹو صاحب کے time میں، اس کی capacity اتنی کم ہے کہ جب بارشیں ہوتی ہیں اور پانی اس میں آتا ہے تو انتظامیہ خود اس کو breach لگا کے ہماری زمینوں کو تباہ اور برباد کر دیتی ہے اور اس وقت سندھ گورنمنٹ جیکب آباد ڈسٹرکٹ میں ایک نئی drain بنا کے وہ Hairdin drain میں ڈالنا چاہ رہی ہے، جس سے یہ ہوگا کہ ہمارے تین ضلع جس میں صحبت پور، جعفر آباد اور اوستہ محمد، یہ تباہ ہو جائیں گے سیم، تھور، سیلاب سے۔

اور بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے RBOD بھی ایک Sindh drain ہے اوستہ محمد ڈسٹرکٹ میں ہے۔ سندھ والوں نے اس کو نکاس کے لیے جو اس کے دروازے بنائے گئے تھے، وہاں پہ وہ ہمیں چھوڑتے نہیں ہیں، پانی وہاں چلا جائے۔ اس کے بدلے میں ہمارا جو آدھی تحصیل جھیل بن جاتی ہے۔ تو میں آپ سے گزارش کروں گا کہ آپ احکامات دیں کہ ہمارے یہ دو major مسئلے جو ہیں ان کو حل کیا جائے اور جو نئی drain بن رہی ہے جیک آباد سے جو Hairdin drain میں ڈالیں گے اس کو بھی فوراً بند کیا جائے۔

آخر میں، میں آپ سے گزارش کروں گا کہ اسلام آباد میں تو ہر گلی، کوچے میں آپ کو ایک یونیورسٹی نظر آئے گی۔ لیکن ہمارے بلوچستان میں آپ کو یونیورسٹیز نظر نہیں آئیں گی۔ تو میری آپ سے گزارش ہے کہ جعفر آباد کے لیے بھی ایک الگ یونیورسٹی کا اعلان کیا جائے۔ Thank you

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ بابر نواز صاحب۔

**جناب بابر نواز خان:** اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ انتہائی مشکور ہوں جناب ڈپٹی سپیکر، میں سمجھا تھا شاید بھول گئے ہیں، دو گھنٹے سے میں wait کر رہا تھا۔

دو ممبران اسمبلی کا انتہائی مشکور ہوں جنہوں نے ہری پور کی آیت نور کے حوالے سے بات کی، ساڑھے چار سال کی بچی، 15 دن سے غائب ہے۔ ہمارا CM بھی غائب، وہاں کا وزیر، مشیر even اس حلقے کے MPA صاحبان بھی غائب ہے۔

15 دن کے بعد لاش ملی۔ لیکن آج تک صوبائی گورنمنٹ کو توفیق نہیں ہوئی کہ وہ جا کے اس کی family کو دلاسہ دے سکیں اور دیکھ سکیں اور پوچھ سکیں کہ کیا ہوا؟

میرے ایک فاضل ممبر کہہ رہے تھے کہ عدالتوں کی توہین ہو رہی ہے، ان کے orders نہیں مانے جا رہے۔ تو جناب ڈپٹی سپیکر! چونکہ میں خیبر پختونخوا سے ہوں تو شاید میرے اس فاضل ممبر کو نہیں پتہ کہ عدالتوں کے کئی اشتہاری اس وقت خیبر پختونخوا میں چھپے ہوئے ہیں جن کو یہ protect کر رہے ہیں اور شاید وہ ان کی نظر سے نہیں گزرے۔ لیکن اگر یہ کہیں تو میں بہت سے ان کو دکھا سکتا ہوں۔

اسی طریقے سے کل ایک سینیٹ کے میرے فاضل ممبر، میرے بڑے بھائی نے کہا کہ اگر صوبوں کی بات ہوئی، کوئی یونٹس بننے کی بات ہوئی خیبر پختونخوا میں، ہزارہ کی بات کی گئی تو ہم وہ بننے نہیں دیں گے بلکہ پاکستان کو توڑ دیں گے، پاکستان ختم ہو جائے گا۔

لیکن میں ان کو یہ کہتا چلوں کہ میرے بھائی آپ ختم ہو جاؤ گے لیکن پاکستان کبھی ختم نہیں ہو گا، ان شاءاللہ۔ وہ جو لوگ یہ سمجھ رہے ہیں کہ ہم کبھی ان کا حصہ رہے ہیں۔ تو جناب ڈپٹی سپیکر! ہزارہ کبھی بھی صوبہ سرحد کا حصہ نہیں تھا۔ وہاں سوات کبھی بھی KP کا حصہ نہیں تھا، چترال کبھی بھی ان کا حصہ نہیں تھا۔ آج جو کھڑے ہو کے اسلام آباد میں اور ادھر کہہ رہے ہیں کہ یہ علاقے ہمارے ہیں۔ تو خدارا ہم ہزارہ تحریک کی نمائندے کی حیثیت سے میں آج اسمبلی کے اس Floor پہ کہتا ہوں کہ ہمیں علیٰحدہ اپنا یونٹ چاہیئے، ہمیں علیٰحدہ صوبہ چاہیئے، ہم لوگ ان کے ساتھ رہنا نہیں چاہتے۔

اگر ان کو اتنا احساس ہوتا تو اس میری بچی کے کم از کم جنازے میں آ جاتے۔ ہم کہتے ہیں کہ ان کو ہمارے دکھ درد کا احساس ہے۔ لیکن جناب ڈپٹی سپیکر! ہمارے 1200 ارب جو ان کو royalty کی شکل میں ملتے ہیں، ان کی نظر اس پہ ہے۔ ہمارے معدنیات پہ ان کی نظر ہے، ہمارے پانیوں پہ ان کی نظر ہے۔ ہمارا وہ علاقہ ہے جو سب سے پرامن علاقہ ہے۔ میں زیادہ بات نہیں کروں گا صرف میں اتنا کہوں گا کہ جس طریقے سے یہ قومی اسمبلی کا فورم زینب کے کیس میں آپ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق اور اس وقت کے چیف منسٹر شہباز شریف صاحب نے جس طریقے سے اس کیس کو آگے لے کے چلے تھے اور جس طرح میڈیا کے لوگوں نے اس میں کردار ادا کیا تھا۔ آج خیبر پختونخوا کا ہری پور آپ سب کی طرف دیکھ رہا ہے کہ ہمارے ساتھ کھڑے ہوں۔ آج ان مظلوموں کے ساتھی بنیں۔ شکریہ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ مبین عارف صاحب۔ ٹائم کی پابندی کیجئے گا، پلیز۔

**جناب محمد مبین عارف:** سر! ہمیشہ ٹائم کی پابندی کرتے ہیں، بڑی مہربانی آپ نے ٹائم دیا۔

سر! میں توجہ اس ایوان کی Ministry of Interior کا ایک ادارہ ہے Passports and Immigration اس کی طرف دلوانا چاہوں گا۔ سر! میرے حلقے کے بھی کچھ لوگ ہیں۔ سر! 05-2004ء، 2012ء میں اور پھر 2016 میں کچھ انہوں نے بھرتیاں کیں NTS کے through گریڈ 17 کی۔ ان کے ٹیسٹ وغیرہ بھی لیے گئے، ٹریننگ بھی کرائی گئی۔ 150 لوگوں کے قریب لوگ انہوں نے بھرتی کیے۔

پھر انہوں نے 2022 کے اندر ان لوگوں کو FPSC کا exam conduct کرایا اور 110 لوگوں کو regular کر دیا گیا exam کے بعد اور باقی جو 40 ,30 لوگ تھے ان لوگوں کو contract پہ ہی چلاتے رہے۔ اس کے اندر جو 10 لوگ تھے سر! ان لوگوں کو وہ نئے project کے اندر دوبارہ سے recruit کر لیا گیا پچھلے سال سر! باقی کوئی 25 to 20 لوگ تھے ان کے contract ختم کر کے ان لوگوں کو نوکریوں سے نکال دیا گیا۔ نہ تنخواہیں دی گئیں بلکہ پچھلا سال پورا سر! ان سے کام بھی کروایا گیا اور تنخواہ نہیں دی گئی اور کنٹریکٹ بھی نہیں renew کرائے گے۔

سر! اسی طرح گریڈ ایک سے لے کے 15 تک کی بھی بھرتیاں انہوں نے کیں 05-2004 میں پھر 2012ء میں پھر 2016ء تک۔ سر! وہ 128 لوگ ہیں۔ سر! ان لوگوں کو بھی انہوں نے بغیر کسی وجہ کے contract بھی نہیں renew کیے اور یہ چار، چھ مہینے پہلے ان لوگوں کو بھی نوکریوں سے نکال دیا سر۔

میری گزارش صرف یہ ہے یہ وزرا اگر بیٹھے ہیں یا کوئی نوٹ کر رہے ہیں آپ کی وساطت سے باقی سر! دیواروں کو تو بتانے کا فائدہ نہیں ہے اگر کوئی سن رہا ہے۔ تو پھر ہم بات کرتے ہیں ورنہ ادھر اتنے لوگوں نے بات کی ہے میرے خیال سے اثر کوئی بھی نہیں ہوتا۔

گزارش یہ ہے کہ سر! جن لوگوں نے 15،15 سال، 20،20 سال، 25،25 سال کسی ادارے کو دیے ہیں اور وہ contract پہ لوگ کام کرتے رہے ہیں اور ان حالات کے اندر جب پاسپورٹ دفتر کے باہر لائنیں لگی ہوتی تھی اور 2008ء میں 2010ء میں، 2012ء، 2014ء میں اور 2016ء میں backlogs تھے ان لوگوں نے 24 گھنٹے کام کیا۔

تو میری گزارش ہے سر! نئے لوگ بھی تو انہوں نے بھرتی کیے ہیں اور یہ 24-2023 میں بھی ان لوگوں نے نئے لوگ بھرتی کیے ہیں۔ تو برائے مہربانی بجائے کہ وہ نئے لوگوں کو recruit کریں، ان لوگوں کے contracts renew کر دیں یا ان لوگوں کو ہی confirm کر دیں۔ سر! جو بندہ 25، 30 سال یا 10 سال، 20 سال ایک ادارے میں گزار لیتا ہے، وہ زندگی کا ایک عرصہ ہے سر! 40، 50 سال کی عمر میں وہ بیچارہ کدھر جائے گا؟ پہلے ہی بے روزگاری کی انتہا ہے۔ لوگوں کو روٹی سے پریشانی ہے، لوگ تنگ ہیں۔

تو میری صرف آپ سے یہ گزارش ہے کہ kindly Interior والوں کو یہ کہہ دیں کہ یہ ذرا kindly سر اسے دیکھ لیں، سر۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ جی، خوشحال خان کاکڑ صاحب Point of Order پہ۔

**جناب خوشحال خان کاکڑ:** شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب! ہم نے کوشش کی کہ اس ایوان میں ہم بلوچستان کے امن وامان اور دہشت گردی کے حوالے سے آپ کی توجہ اس کی طرف دلائیں۔ایک اس کے اوپر debate ہو۔ لیکن ہماری بدقسمتی ہے کہ وہ نہیں ہو رہی ہے ہم نے Interior Committee میں کہا تھا کہ بلوچستان کے حالات کے حوالے سے اور جو پشتون belt کے حالات ہیں اس کے حوالے سے ایک meeting بلائیں تو Chair کی جانب سے کہا گیا کہ یہ نہیں ہو سکتا، فی الحال یہ meeting نہ بلائیں۔

دوسری بات دو points ہیں، ایک PMDC کا واقعہ ہوا تھا، بچے یہاں میں احتجاج پر بیٹھے ہوئے ہیں، جناب سپیکر! آپ Ruling دیں اس کو Health Committee کو refer کر دیں اور دوسری بات یہ ہے کہ ہمارے حلقوں میں سوات سے لے کر ژوب تک tax نافذ کیا گیا ہے، جناب سپیکر! بڑی مہربانی ہو گی کہ اگر آپ اس پہ Ruling دیں اور اس کو Committee میں refer کر دیں، بڑی مہربانی۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ آسیہ ناز تنولی صاحبہ۔

**محترمہ آسیہ ناز تنولی:** جناب ڈپٹی سپیکر! بہت بہت شکریہ سر! شکایت کروں یا بات کروں کچھ سمجھ نہیں آتا لیکن اس Floor پہ کھڑے ہو کر درخواست ہی کر سکتی ہوں۔ آج اڑھائی یا تین سال ہو گئے ہیں میں ایک مسئلے کو لے کر چل رہی ہوں اور اس سے پہلے بھی تھا لیکن وہ مسئلہ حل نہیں ہو رہا۔ یہ مسئلہ NHA سے relevant ہے جو ہری پور، ہزارہ سے ایبٹ آباد روڈ کا ہے۔ میرا گاؤں لب ٹھٹھو، اسلام پور اس جگہ پر ہے۔

اس گاؤں کے راستے میں ایک sewerage کا بڑا نالہ ہے۔ ظاہر ہے NHA یہاں پر ہے اور یہ ادارہ بہت ہی معزز اور محترم ادارہ ہے جس میں تمام roads اور communication شامل ہے۔ بہت عرصے سے اس میں مسئلہ ہے please اس پر نظر ثانی کی جائے۔ میں نے اس sewerage نالے کی feasibility بھی بنا کر دی لیکن ابھی تک اس پہ کوئی عمل درآمد نہیں ہوا۔ CM مریم نواز صاحبہ کا بہت شکریہ جنہوں نے میرے گاؤں کو modern village کا درجہ دیا اور اس پہ کام جاری ہے۔ میں CM صاحبہ کی بڑی شکر گزار ہوں کہ میرے گاؤں کو modern village کا درجہ مل گیا اور وہاں کام ہو رہا ہے۔ لیکن سر! بات یہ ہے کہ اس modern village کے کام میں اگر دوبارہ سے NHA اپنا کام کھولتی ہے تو وہ کام کہاں پہ جائے گا؟ Feasibility سب کچھ NHA کے پاس موجود ہے، Communications کے پاس موجود ہے، لیکن اس کے باوجود بھی کوئی بھی ایسے اقدامات نہیں ہو رہے کہ وہاں پہ کام شروع کیا جائے۔ کئی بار میں نے اس کے اوپر متعلقہ لوگوں کی توجہ بھی دلائی، لیکن ابھی تک اس پہ کام کا آغاز نہیں ہوا۔

Kindly آپ کی طرف سے اگر یہ آ جائے کہ وہاں پہ NHA کام start کر دے یا ہم سے رابطہ کر لیں کہ ہم انہیں بتا سکیں کہ یہاں پہ خدارا کچھ کام کیجیے بہت بارشیں ہوتی ہیں تو وہاں کی سڑکیں بہہ جاتی ہیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** آخری بات کریں۔

**محترمہ آسیہ ناز تنولی:** تو پھر اس پر بھی کام شروع کیا جائے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** ڈاکٹر شائستہ صاحبہ۔

**محترمہ شائستہ خان:** جناب سپیکر! بہت بہت شکریہ۔ایک بہت ہی اہم مسئلہ جو آج Floor پر discuss ہو رہا تھا ہزارہ ڈویژن سے ہے، معصوم کلی آیت نور، جس کو کھلنے سے پہلے ہی، میں کہتی ہوں کہ وہ کلی ابھی کھلی نہیں تھی تو اس کو مسل ڈالا گیا۔ 15 دن تک اس کے لیے protest ہوتے رہے، لیکن خیبر پختونخوا کی حکومت نے اس میں کوئی دلچسپی نہ لی۔CM سہیل آفریدی صاحب نے اس پر کوئی بیان نہ دیا کہ وہ معصوم بچی جو 15 دن سے غائب تھی اور جب کل بچی کی لاش کنویں سے ملی تو اس وقت بھی ہماری ہر آنکھ اشک بار تھی اور ہماری یہی سوچ تھی کہ شاید آج حکومت خیبر پختونخوا کو خیال آجائے۔پہلے بھی ڈاکٹر وردہ قتل کیس کی JIT رپورٹ نہ کھولی گئی۔

میری آپ سے اس Floor پر گزارش ہے کہ آج ایک اور حوا کی بیٹی کو نوچا گیا اور پھر اس کو بے دردی سے قتل کیا گیا، خدارا اس حوا کی بیٹی کے لیے سوچا جائے۔ کتنی حوا کی بیٹیاں ایسے قربان ہوں گی؟ اُس 5 سالہ معصوم بچی کا کیا قصور تھا؟ Government نے اس میں کیوں interest نہ لیا؟ پولیس نے اس کام کو expedite کیوں نہ کیا؟ میں آج بحیثیت ایک ماں اس Floor پر مطالبہ کرتی ہوں کہ خدارا Human Rights Committee کے through یہ action لیا جائے۔

جناب سپیکر! میرے خیال میں مذمت کا لفظ بہت چھوٹا ہے، اس معصوم بچی کے لیے، میں وہ کون سا لفظ استعمال کروں؟ ہر آنکھ اشکبار ہے، ہر دل دُکھ سے بھرا ہوا ہے اور آیت نور کے لیے میں آج اس Floor سے انصاف کا مطالبہ کرتی ہوں۔ Kindly اِس کے اوپر کوئی نہ کوئی اقدام کیا جائے اور خیبر پختونخوا حکومت سے مطالبہ کرتی ہوں کہ خدارا آپ نے پہلے تو interest نہیں لیا لیکن اب اس میں interest لیں اور اس کے مجرم کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔آپ کا بہت شکریہ۔

**Mr. Deputy Speaker:** Thank you. The House is adjourned to meet again on Friday, the 28th August, 2026, at 11:00 a.m.

---

*(The House was adjourned to meet again on Friday, the 28th August, 2026, at 11:00 a.m.)*

---